آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز جمعہ 05 نومبر 2021ء بمطابق 28 ربیع الاول 1443ھ | شمارہ نمبر 277

افراد باہم معذوری ہمارے معاشرے کا فعال اور کارآمد حصہ ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

آپ کے فوری نوعیت کے مسائل حل کئے جائیں گے جس کے لیے ایک ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا جائے گا، خصوصی افراد کے مسائل کے حل کے لیے اگر انہیں ترقیاتی فنڈز میں بھی کٹوتی کرنی پڑے تو دریغ نہیں کریں گے

آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت ہر سطح پر آپ سے تعاون کرے گی اور آپ لوگوں کے مخصوص کوٹے سے بڑھ کر آپ کو ملازمتوں میں حصہ دیا جائے گا جس کے لیے ایک فرم کی خدمات بھی حاصل کی جائیں گی

ملک اور صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں ان کا کردار بھی مساوی ہے خصوصی افراد کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے ان کے مطالبات پر عملدرآمد اور ان کو سہولیات مہیا کی جائیں گی، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ افراد باہم معذوری ہمارے معاشرے کا فعال اور کارآمد حصہ ہیں ملک اور صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں ان کا کردار بھی مساوی ہے خصوصی افراد کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے ان کے مطالبات پر عملدرآمد اور ان کو سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں افراد باہم معذوری کی منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی، محترمہ ماہ جبین شیرانی، بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما میر عبدالرؤف رند، اعجاز سنجرانی اور افراد باہم معذوری کی مختلف تنظیموں کے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان اکادمی ادبیات پاکستان میں 'ایوان اعزاز' کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شہباز شریف سے ہاتھ ملانے کا مطلب ہے کرپشن تسلیم کرلی، وزیراعظم

میری دو خاندانوں سے ذاتی دشمنی نہیں، دوستی ہوا کرتی تھی، انگلینڈ میں سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ جس رکن اسمبلی پر اربوں روپے کی کرپشن کا الزام ہو اسے کوئی اینکر اپنے پیغام میں بلائے یا وہ اسمبلی میں دو، دو گھنٹے کی تقریر کرے

ہمارے ہاں لوگوں کو اسلام کی تاریخ کا ہی نہیں پتہ، لوگوں کو جنگیں یاد ہیں لیکن لوگوں کو پتہ ہی نہیں ہے کہ دنیا کی تاریخ میں اتنا بڑا انقلاب جنگوں کی وجہ سے نہیں آیا، اس انقلاب کی کوئی مثال نہیں ملتی، پاکستان میں سب سے زیادہ جنسی جرائم بڑھ رہے ہیں

تین سال پہلے زینب کیس ہوا تھا تو پورا ملک کھڑا ہو گیا تھا، آج کل کوئی ردعمل نہیں آرہا ہے، اگر ہمیں نوجوانوں کو درست راہ پر رکھنا ہے تو اب دانشوروں کے ساتھ ساتھ فلم اور ٹی وی پروڈیوسرز کی بھی بہت زیادہ ذمے داری بنتی ہے، ہم میڈیا کو بند نہیں کر سکتے، عمران خان کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اگر قائد حزب اختلاف شہباز شریف سے ہاتھ ملا لیا تو مطلب ہے کہ کرپشن تسلیم کر لی، میری دو خاندانوں سے ذاتی دشمنی نہیں، دوستی ہوا کرتی تھی، انگلینڈ میں سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ جس رکن اسمبلی پر اربوں روپے کی کرپشن کا الزام ہو اسے کوئی اینکر اپنے پیغام میں بلائے یا وہ اسمبلی میں دو، دو گھنٹے کی تقریر کرے، پاکستان میں سب سے زیادہ جنسی جرائم بڑھ رہے ہیں، تین سال پہلے زینب کیس ہوا تھا تو پورا ملک کھڑا ہو گیا تھا، آج کل کوئی ردعمل نہیں آرہا ہے، اگر ہمیں نوجوانوں کو درست راہ پر رکھنا ہے تو اب دانشوروں کے ساتھ ساتھ فلم اور ٹی وی پروڈیوسرز کی بھی بہت زیادہ ذمے داری بنتی ہے، ہم میڈیا کو بند نہیں کر سکتے۔ جمعرات کو اکادمی ادبیات پاکستان میں 'ایوان اعزاز' کی تقریب سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں افراد باہم معذوری کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کی پسماندگی کی وجہ بنیادی مسائل ہیں، میر ظہور بلیدی

پینے کا صاف پانی، اسکول، علاج کی سہولیات کا فقدان اور دیگر انفراسٹرکچر کا نام ہونا ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے قائم مقام صدر، رکن صوبائی اسمبلی میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی کی وجہ بنیادی مسائل ہیں جیسا کہ پینے کا صاف پانی، اسکول، علاج کی سہولیات کا فقدان اور دیگر انفراسٹرکچر کا نام ہونا ہے جس کی وجہ سے عوام میں مایوسی اور بے چینی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ تعلقات وقت کیساتھ مزید مستحکم ہو رہے ہیں، چودھری فواد حسین

ہر پاکستانی کا سعودی عرب کے ساتھ عقیدت اور احترام کا رشتہ ہے، شاہ سلمان ریلیف فنڈ کے ذریعے فلاحی کام قابل تحسین ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات چودھری فواد حسین نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہو رہے ہیں، ہر پاکستانی کا سعودی عرب کے ساتھ عقیدت اور احترام کا رشتہ ہے، شاہ سلمان ریلیف فنڈ کے ذریعے فلاحی کام قابل

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان سے قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان کی قیادت میں اپوزیشن جماعتوں کے مشترکہ وفد کی ملاقات

صوبے کے بیچ تنازعات میں سب کو ساتھ لے کر چلنے پر یقین رکھتے ہیں، اس باعث صرف ہے حکومت اور اپوزیشن عوام کی خدمت کر رہا ہے، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ کی قیادت میں اپوزیشن جماعتوں کے مشترکہ وفد کی ملاقات کی اس موقع پر صوبے کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعلیٰ نے بات چیت کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں مغربی بائی پاس پر ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مغربی بائی پاس پر ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ لیویز اہلکار سمیت دو افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ لیویز اہلکار سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے، لیویز کے مطابق جمعرات

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وشبود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

پنجگور (این این آئی) وشبود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی ہو گیا، پولیس کے مطابق

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے علاقے اوستہ محمد میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا

اوستہ محمد (آن لائن) بلوچستان کے علاقے اوستہ محمد میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا ہے۔ اطلاعات کے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں 10 کروڑ 82 لاکھ 77 ہزار 233 افراد کی ویکسی نیشن کی جا چکی ہے، وزارت نیشنل سروسز

اسلام آباد (این این آئی) وزارت نیشنل سروسز ریگولیٹرز اینڈ کوآرڈینیشن نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 10 کروڑ 82 لاکھ 77 ہزار 233 افراد کی کووڈ وائرس ویکسی نیشن کی جا چکی ہے۔ وزارت کی طرف سے جمعرات کو جاری کئے گئے نوٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان میں 12 لاکھ 93 ہزار 77 افراد کو کووڈ وائرس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اور ترقیات اسد عمر ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو میں بھی مہنگائی عروج پر پہنچ گئی، حالیہ مہنگائی کی لہر کے باعث یومیہ مزدوری کرنے والے افراد کے گھروں میں فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے

کوہلو (این این آئی) سوبے کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کوہلو میں بھی مہنگائی عروج پر پہنچ گئی جہاں عوام دو وقت کی روٹی کے حصول میں بھی شدید مشکلات سے دوچار ہونے لگے ہیں حالیہ مہنگائی کی لہر کے باعث یومیہ مزدوری کرنے والے افراد کے گھروں میں فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے ہیں جس سے لوگوں کی بہت بڑی تعداد متاثر ہونے کا خدشہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسپیکر قومی اسمبلی سے یورپین یونین کے وفد برائے جنوبی ایشیا، تعلقات کی ملاقات، مختلف امور پر غور

خاتم النبیین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

مسئلہ کشمیر پر یورپین یونین کی پاکستانی موقف کی حمایت کے مشکور ہیں، اسد قیصر کی ملاقات میں بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پاکستان ایک جمہوری ملک ہے اور آئین پاکستان تمام شہری کے بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور اقلیتیں پاکستان میں اپنے آپ کو محفوظ سمجھتی ہیں، ان خیالات کا اظہار اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے جمعرات کے روز یورپی یونین کے وفد برائے جنوبی ایشیا، تعلقات سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

حکومتی کارکردگی سے خائف درباریوں کو اپنی سیاسی موت واضح نظر آرہی ہے، ڈاکٹر شہباز گل

مجھے کیوں نکالا کا راگ الاپنے والے مفرور استعفیٰ مانگ رہے ہیں، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے ترجمان و معاون خصوصی برائے سیاسی امور ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ حکومتی کارکردگی سے خائف درباریوں کو اپنی سیاسی موت واضح نظر آرہی ہے، مجھے کیوں نکالا کا راگ الاپنے والے مفرور استعفیٰ مانگ رہے ہیں۔ جمعرات کو مریم اورنگزیب کے بیان

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ضلعی حکومتیں نوجوانوں میں حکومت کی قرضہ اسکیموں کے بارے میں شعور اجاگر کریں، صدر مملکت

کامیاب جوان پروگرام، انصاف روزگار اسکیم جیسے منصوبوں سے مستفید ہونے کیلئے نوجوانوں اور خواتین کو رہنمائی فراہم کرنے کی ضرورت ہے

حکومت کی قرضہ سکیمیں نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں اپنے کاروبار قائم کرنے کے قابل بنائے گی' اجلاس سے خطاب

پشاور (این این آئی) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ کامیاب جوان پروگرام، انصاف روزگار اسکیم جیسے منصوبوں سے مستفید ہونے کیلئے نوجوانوں اور خواتین کو رہنمائی فراہم کرنے کی ضرورت ہے، حکومت کی قرضہ سکیمیں نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں اپنے کاروبار قائم کرنے کے قابل بنائے گی سوبائی حکومتیں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ مل کر نوجوانوں میں حکومت کی قرض اسکیموں کے بارے میں شعور اجاگر کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز وزیراعلیٰ ہاؤس پشاور میں خیبر پختونخوا حکومت کی کارکردگی اور صوبے میں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

سیاسی اپوزیشن باہر ہے کوئی زیر حراست نہ کسی پر فوجداری شیڈول ہے، شیخ رشید

سعد رضوی سے بات چیت میں معاملہ پارلیمنٹ میں لانے کی بات کی، کس کی کس سے ڈیل ہوئی پتہ نہیں

وزارتیں کوئی چیز نہیں یہ معمولی نوکری ہے، میری پندرہویں وزارت ہے، عمران خان کیساتھ کھڑا ہوں اور کھڑا رہوں گا' تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ ساری اپوزیشن باہر ہے، کوئی زیر حراست ہے نہ کسی پر فوجداری شیڈول ہے، سعد رضوی سے بات چیت میں معاملہ پارلیمنٹ میں لانے کی بات کی، کس کی کس سے ڈیل ہوئی پتہ نہیں لیکن یہ جانتا ہوں عمران خان پانچ سال پورے کریں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے لاہور میں تقریب و میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بدقسمتی ہے چھوٹے لوگ بڑے گھروں میں چلے گئے، وزارتیں کوئی چیز نہیں، یہ معمولی نوکری ہے، میری پندرہویں وزارت ہے، عمران خان کیساتھ کھڑا ہوں، کھڑا رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ سعد رضوی سے بات چیت میں معاملہ پارلیمنٹ میں لانے کی بات کی تحریک لبیک سے معاملات 2 وزراء دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ساری اپوزیشن باہر ہے، کوئی زیر حراست ہے نہ کسی پر فوجداری شیڈول ہے۔ اسٹیبلشمنٹ سے کس کے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں مجھے علم نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے سوچ کی وزارت تھی جب تک ٹرین نہ گرے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

گوادر پر وزیراعظم کی بہت زیادہ توجہ ہے' خالد منصور

سی پیک اتھارٹی وہاں پر متعلقہ اداروں سے قریبی رابطوں کے ساتھ ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے

نوجوان طبقے کی تربیت کے لیے بہت بڑا ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ حال میں مکمل ہوا ہے' وزیراعظم کے معاون خصوصی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سی پیک خالد منصور نے کہا ہے کہ گوادر پر وزیراعظم کی بہت زیادہ توجہ ہے اور سی پیک اتھارٹی وہاں پر متعلقہ اداروں سے قریبی رابطوں کے ساتھ ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے، چاہے وہ بجلی یا پانی کے مسئلے ہوں، وہاں کے نوجوان طبقے کی تربیت کے لیے بہت بڑا ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ حال میں مکمل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کے حوالے سے بات کروں تو گوادر کو تاج کہا جاتا ہے کیونکہ گوادر دنیا کی بہترین بندرگاہوں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صحت پور میں دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) صحت پور میں دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق صحت پور میں نورانی مسجد کے قریب واقع ریت کے سٹاک مرکز کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار افراد نے دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا دھماکے کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

شہباز شریف نے عمران خان کا ریلیف پیکیج مسترد کر دیا

مہنگائی کا تاریخی ریکارڈ قائم کرنے کے بعد خطاب کی نہیں، ناکامی کے اعتراف کے ساتھ استعفیٰ دینے کی ضرورت ہے

موجودہ حکومت کے وعدوں اور بجٹ کی طرح ان کے نام نہاد ریلیف پیکیج بھی جھوٹ کا پلندہ ہیں، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے وزیراعظم عمران خان کا ریلیف پیکیج مسترد کر دیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے وعدوں اور بجٹ کی طرح ان کے نام نہاد ریلیف پیکیج بھی جھوٹ کا پلندہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا بجٹ دیتے ہوئے نہیں کہا گیا تھا کہ یہ لکیس فری بجٹ ہے؟ اب قوم سے خطاب پر اعتراف کیا جا رہا ہے کہ پٹرول مہنگا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جب پٹرول مزید مہنگا ہوگا، بجلی گیس کی قیمت بڑھے گی تو مہنگائی کیسے نہیں ہوگی؟ جس حکومت کے بجٹ اعداد و شمار ناقابل اعتبار ہوں، اس کی کسی بات کو سنجیدہ سمجھنا خود فریبی کے سوا کچھ نہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک قرض کے بوجھ میں دب چکا ہے، آئی ایم ایف کی شرائط نے قوم کا بھرکس نکال دیا ہے، ریلیف اور پی ٹی آئی دو متضاد چیزیں

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں دستی بم حملہ دو افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں دستی بم حملہ دو افراد زخمی ہو گئے، پولیس کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر چاندنی چوک پر حق آباد کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہو گئے پولیس نے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

وزیراعظم نے عوام کو یہ بتانے کے لئے خطاب کہ اب مہنگائی مزید بڑھے گی، سردی میں گیس نہیں ہوگی، جمال شاہ کاکڑ

عوام کو مزید اذیت میں مبتلا ہونا پڑیگا لیکن عوام گھبرائے نہیں ابھی انہیں مزید مشکلات کا سامنا بھی کرنا ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق انسپکٹر جمال شاہ کاکڑ نے وزیراعظم عمران خان کے قوم سے خطاب کو مایوس کن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نے عوام کو یہ بتانے کے لئے خطاب کہ اب مہنگائی مزید بڑھے گی، سردی میں گیس نہیں ہوگی، عوام کو مزید اذیت میں مبتلا ہونا پڑیگا لیکن عوام گھبرائے نہیں ابھی انہیں مزید مشکلات کا سامنا بھی کرنا ہے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم نے گزشتہ تین سالوں میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کراچی: وفاقی وزیر دفاع پرویز خٹک و دیگر نیول اعلیٰ حکام پی ایم ایس ایس کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے سے بیروزگاری پر آسانی سے قابو پایا جا سکتا ہے

زراعت کے شعبے میں میں قطراتی نظام متعارف کرانے اور کاشتکاروں کے استعداد کار میں اضافہ کرنے سے نہ صرف زراعت کو فروغ ملے گا

صوبے میں کوئلہ اسٹوریج کے فقدان کے باعث کسان اور زمیندار ان کئی مشکلات سے دوچار ہیں، اس سے مجموعی طور پر قومی پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (ن ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ زراعت کے شعبے میں قطراتی نظام متعارف کرانے اور کاشتکاروں کے استعداد کار میں اضافہ کرنے سے نہ صرف زراعت کو فروغ ملے گا بلکہ اس سے مجموعی طور پر قومی پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا۔ بلوچستان میں زیادہ تر لوگوں کے روزگار کا انحصار زراعت اور لائیو سٹاک پر ہے لہٰذا ضروری ہے کہ زراعت اور لائیو سٹاک کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں اقوام متحدہ کے ادارے برائے خوراک و زراعت (ایف اے او) کی پاکستان میں نمائندہ (Ms Florence Rolle) سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا کہ صوبے میں کوئلہ اسٹوریج کے فقدان کے باعث کسان اور زمیندار ان کئی مشکلات سے دوچار ہیں۔ زراعت کو فروغ دینے اور نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے سے بیروزگاری پر بآسانی قابو پایا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی بدولت ہمارا کوئی دشمن ہماری طرف آنکھ اٹھا کر نہیں سکتا، فخر امام

کشمیر سے لیکر جونا گڑھ تک ہندوستان نے کیا کیا نہیں کیا، ہماری قیادت اور فوج نے مقابلہ کیا، وفاقی وزیر برائے فوڈ سیکورٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے فوڈ سیکورٹی فخر امام نے کہا ہے کہ محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی بدولت ہمارا کوئی دشمن ہماری طرف آنکھ اٹھا کر نہیں سکتا۔ وفاقی وزیر برائے فوڈ سیکورٹی فخر امام نے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 14 اگست 1947 میں قائداعظم کی تقریر سنی ہو تو انہوں نے کہا تھا کہ ہم برٹش راج کا حصہ نہیں رہیں گے، کشمیر سے لیکر جونا گڑھ تک ہندوستان نے کیا کیا نہیں کیا، ہماری قیادت اور فوج نے مقابلہ کیا، آج جس شخصیت کے لئے آئے ہیں انکی پرائمری تعلیم ہندوستان سے حاصل کی، تین ممالک میں جا کر اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

لاہور: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد پاکستان ریسکیو ٹیم کی شمولیت کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پارلیمانی لیڈر ورکن صوبائی اسمبلی سردار یار محمد رند کی وزیراعظم عمران خان سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر ورکن صوبائی اسمبلی سردار یار محمد رند کی وزیراعظم عمران خان سے ملاقات بلوچستان کے ترقیاتی امور اور موجودہ حکومت سازی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعرات کو پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر ورکن صوبائی اسمبلی سردار یار محمد رند نے وزیراعظم عمران خان سے ایک گھنٹے سے زائد

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا بڑا اعلان، مختلف محکموں میں ایک لاکھ خالی اسامیوں پر بھرتی کی منظوری

وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر ایک لاکھ آسامیوں پر بھرتی صرف اور صرف میرٹ کی بنیاد پر ریکروٹمنٹ پالیسی کے مطابق ہوگی

ایڈہاک ڈاکٹروں کی تنخواہوں کی ادائیگی میں حائل رکاوٹوں کو فوری دور کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے صوبہ بھر میں مختلف محکموں میں ایک لاکھ خالی اسامیوں پر بھرتی کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی خصوصی ہدایت پر ایک لاکھ آسامیوں پر بھرتی صرف اور صرف میرٹ اور مجوزہ تعلیمی قابلیت کی بنیاد پر ریکروٹمنٹ پالیسی کے مطابق ہوگی۔ میرٹ، تعلیم اور تجربے کی بنیاد پر بھرتی کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کا کہنا ہے کہ پنجاب حکومت نے سرکاری محکموں میں ایک لاکھ آسامیوں پر بھرتیوں کا اصولی فیصلہ کیا ہے اور یہ بھرتی صرف

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پارٹی فلسفے کے مطابق مفت علاج عوام کے گھروں تک پہنچائیں گے

بلاول بھٹو زرداری کی وزیراعلیٰ سندھ اور صوبائی وزراء کے ہمراہ ہندو دھرم شالہ میں دیوالی کی تقریب میں شرکت، ہندو برادری کو تہوار پر مبارکباد دی

فخر کی بات ہے کہ عوام اب بھارت کے بجائے ٹرانسپلانٹ کے لیے سندھ آتے ہیں، چیئرمین پی پی کا ایس آئی یو ٹی کی افتتاحی تقریب سے خطاب

لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اپنے پارٹی فلسفے کے مطابق مفت علاج عوام کے گھروں تک پہنچائیں گے۔ پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو صحت کو ترجیح دیتی ہے۔ فخر کی بات ہے کہ عوام اب بھارت کے بجائے ٹرانسپلانٹ کے لیے سندھ آتے ہیں۔ وہ جمعرات کو لاڑکانہ میں ایس آئی یو ٹی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی یو ٹی انسانیت کی خدمت کرنے والا ادارہ ہے۔ ڈاکٹر ادیب رضوی کی زندگی بھر کی محنت کے باعث ایک اچھا ادارہ سندھ میں کام کر رہا ہے۔ ایس آئی یو ٹی اس بات کا ثبوت ہے کہ جب صحیح افراد کو منتخب کیا جاتا ہے کہ تو ورثہ کا اس ادارے بنتے ہیں جبکہ کراچی میں 10 اسپتال میں اور سکھر کے بعد لاڑکانہ میں ایس آئی یو ٹی کا کھلنا خوش آئند ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ڈی جی لیویز نے مبینہ بھتہ خوری میں ملوث 11 لیویز اہلکاروں کو معطل کر دیا

گوران ضلع پنجگور کے محلے کی پبلک ٹرانسپورٹ سے بھتہ خوری کی ویڈیو وائرل ہونے پر معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے کیا

کوئٹہ (آن لائن) ڈی جی لیویز نے مبینہ بھتہ خوری میں ملوث 11 لیویز اہلکاروں کو معطل کر دیا ہے۔ ڈائریکٹریٹ جنرل لیویز فورس بلوچستان کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان قادر بخش پرکانی نے گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر لیویز چیک پوسٹ گوران ضلع پنجگور کے محلے کی پبلک ٹرانسپورٹ سے بھتہ خوری کی ویڈیو وائرل ہونے پر معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے لیویز چیک پوسٹ انچارج جہانزیب، سیکنڈ انچارج محبوب علی، سپاہی اکرم علی، نادر علی، ماجد علی، نادر حسین،

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری کی سنجرانی ہاؤس آمد

نوشکی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری کی سنجرانی ہاؤس آمد، خان محمد آصف خان سنجرانی نے انکا ویلکم کیا اس موقع پر مولانا عبدالغفور حیدری کے اعزاز میں ایک پرتکلف استقبالیہ دیا گیا جس میں سابق ایم این اے انجینئر عثمان ہاوڑی،

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

پاکستان اور بلوچستان کی ترقی کا خواب خواتین کی شمولیت اور فعالیت کے بغیر ادھورا ہے' میر چنگیز جمالی

پیپلز پارٹی خواتین کو ترقی اور خوشحالی میں اہم جزو تصور کرتی ہے پارٹی کے خواتین ونگ کی تنظیم نو اور فعالیت کے اقدامات اٹھائیں گے، صوبائی صدر پی پی پی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر میر چنگیز جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پاکستان اور بلوچستان کی ترقی کا خواب خواتین کی شمولیت اور فعالیت کے بغیر ادھورا ہے پیپلز پارٹی خواتین کو ترقی اور خوشحالی میں اہم جزو تصور کرتی ہے پارٹی کے خواتین ونگ کی تنظیم نو اور فعالیت کے اقدامات اٹھائیں گے، یہ بات انہوں نے جمعرات کو پیپلز پارٹی بلوچستان کی خواتین ونگ کے عہدیداروں و رہنماؤں کے اجلاس سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں دستی بم حملہ دو افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں دستی بم حملہ دو افراد زخمی ہو گئے، پولیس کے مطابق جمعرات ک

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

05 نومبر 2021ء

دنیا میں کورونا وائرس سے اموات 50 لاکھ سے زائد ہوگئیں

دنیا کا کوئی خطہ کورونا وائرس کی موذی وبا کی چوتھی لہر سے محفوظ نہیں، جس کی تباہ کاریاں کم ہوگئی ہیں، تاہم اس کے مریضوں اور اموات میں اب بھی اضافہ جاری ہے۔ دنیا بھر میں کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 24 کروڑ 72 لاکھ 24 ہزار 263 تک جا پہنچی ہے جبکہ اس موذی وائرس سے اموات 50 لاکھ 12 ہزار 379 ہوگئیں۔ کورونا وائرس کے دنیا بھر میں 1 کروڑ 82 لاکھ 77 ہزار 515 مریض اسپتالوں، قرنطینہ مراکز میں زیر علاج اور گھروں میں آئسولیشن میں ہیں، جن میں سے 73 ہزار 16 کی حالت تشویش ناک ہے جبکہ 22 کروڑ 39 لاکھ 34 ہزار 369 کورونا مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کورونا وائرس کے کیسز اور اس سے اموات کے اعتبار سے 10 سرِ فہرست ممالک میں 33 کروڑ سے زائد آبادی کا حامل امریکا تا حال پہلے نمبر پر ہے جہاں اس وائرس سے اب تک 7 لاکھ 66 ہزار 117 افراد موت کے منہ میں پہنچ چکے ہیں جبکہ اس سے بیمار ہونے والوں کی مجموعی تعداد 4 کروڑ 67 لاکھ 99 ہزار 970 ہو چکی ہے۔ 1 ارب سے زائد آبادی والا ملک بھارت کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد کے حوالے سے دوسرے نمبر پر ہے، جہاں اس وائرس سے 4 لاکھ 58 ہزار 219 ہلاکتیں ہو چکی ہیں جبکہ اس سے متاثرہ 3 کروڑ 42 لاکھ 73 ہزار 300 مریض سامنے آ چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد کے حوالے سے ممالک کی اس فہرست میں برازیل تیسرے نمبر پر ہے تاہم یہ اموات کے حوالے سے فہرست میں دوسرے نمبر پر ہے، جہاں اس جان لیوا وائرس سے 6 لاکھ 7 ہزار 764 ہلاکتیں ہو چکی ہیں جبکہ اس کے متاثرہ مریضوں کی تعداد 2 کروڑ 18 لاکھ 4 ہزار 94 ہوگئی۔ برطانیہ میں کورونا وائرس کے باعث اموات کی تعداد 1 لاکھ 40 ہزار 558 ہوگئی جبکہ کیسز کی تعداد 90 لاکھ 19 ہزار 962 ہو چکی ہے۔ کورونا وائرس سے روس میں کل اموات 2 لاکھ 38 ہزار 538 ہوگئیں، اس کے مریضوں کی تعداد 85 لاکھ 13 ہزار 790 ہو چکی ہے۔ ترکی میں کورونا وائرس سے اموات 70 ہزار 410 تک جا پہنچی ہیں جبکہ کیسز 80 لاکھ 9 ہزار 40 ہو چکے ہیں۔ فرانس میں کورونا وائرس کی وبا سے مجموعی اموات 1 لاکھ 17 ہزار 671 ہو چکی ہیں، جہاں اس کے اب تک کل کیسز 71 لاکھ 60 ہزار 548 رپورٹ ہوئے ہیں۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 28 ہزار 449 مریض انتقال کر چکے ہیں جبکہ اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 12 لاکھ 73 ہزار 78 ہو چکی ہے۔ ملک بھر میں اسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، ویٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 23 ہزار 94 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 1 ہزار 402 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، جبکہ 12 لاکھ 21 ہزار 535 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 48 ہزار 192 ٹیسٹ کیئے گئے، جبکہ اب تک کل 2 کروڑ 7 لاکھ 99 ہزار 170 کورونا ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ پاکستان بھر میں اب تک کل 10 کروڑ 35 لاکھ 14 ہزار 198 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جا چکی ہیں جبکہ 4 کروڑ 16 ہزار 932 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہو چکی ہے۔

اف رے مہنگائی

عنایت اللہ رگام

آبائی علاقے کے ایک راشد بلوچ حسین زئی مٹکے جھلواری کا رہا ہے، جو اب ایران میں بیس سال سے رہ رہا ہے، ایرانی بھی ہے اور پاکستانی، سوشل میڈیا کے زریعے سے رابطہ ہوا، اب بھی حال احوال ہو رہی ہے، ہمارے ہاں مہنگائی نے سر اٹھا کر سرپٹ بھاگ دوڑ رہی ہے، پوچھا، جب آپ بلوچستان میں تھے، آپ کا معاشی حالات کیسے تھا؟ اب آپ سیستان بلوچستان میں ہو، آپ کا معاشی حالت کیسا ہے؟ کہا الحمد اللہ پہلے کی نسبت ہماری معاشی حالت کافی بہتر ہے، اپنا کاروبار، گھر ہمارے بچے، سواری اپنا گاڑی، سر اوان میں اپنا مکان اور زاہدان میں بھی میرا ایک مکان ہے، مہنگائی کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا، ہم پنجگور باڈر کے قریب ہیں، ایران کے بڑے شہروں سے ہزاروں کلومیٹر دور ہیں، ایران کے بڑے شہروں کے نسبت یہاں چیزیں تھوڑے مہنگے ہیں، ہم گندم، آٹا نہیں خریدتے ہیں، ہمیں آٹا، گندم کے کلو کا علم نہیں، کتنے روپے میں کلو ہیں، کلو کا علم نہیں، 100 کلو بوری کتنے ہزار کا ہوگا، پاکستان میں تندور، داش ہیں، ہمارے ہاں نان وائی ہیں، نان وائی روٹی پانچ عدد دس ہزار تمن میں ہے، دس ہزار تمن پاکستانی 80 روپے ہیں، نان وائی کا ایک روٹی اتنے بڑے ہیں، تین آدمیوں کے لئے ایک روٹی کافی ہے، ایک روٹی سے تین آدمی سیر ہو سکتا ہے، ایک روٹی پاکستانی 16 روپے میں پڑتا ہیں، ایک گھر میں چھ آدمی ہو، صبح، دوپہر، شام کیلئے پانچ روٹی کافی ہیں، نان وائی کا روٹی تین دن تک خراب نہیں ہوتی ہے، 30 چپاتی بھی دس ہزار تمن میں ہیں، ایک چپاتی روٹی تین روپے سے کم ملتی ہے، ہمارے عورتوں کو آٹا گوندھنا، روٹی پکانا نہیں آتا ہے، آٹا کیسے گوندھتے ہیں، روٹی توے پر کیسے پکاتے ہیں، شہروں میں رہنے والوں سے کہا جائے، ایسے علاقے ہیں، وہاں لکڑی کے آگ سے روٹی، سالن پکایا جاتا ہے، ان کو یقین نہیں آتا ہے، وہ کہتے ہیں، یہ جھوٹ بول رہا ہے، ہمارے کسی کو بتایا جائے، ایران میں عورتوں آٹا گوندھنا اور توے پر روٹی پکانا نہیں آتا ہے، ہمارے لوگ ایسے باتوں پر یقین نہیں کرتے ہیں، کیسے ایرانی عورتوں آٹا گوندھنا اور توے پر روٹی پکانا نہیں آتا ہے، ایران میں خوردنی تیل پانچ لٹر چار سو روپے ہیں، مچھلی، گوشت، سبزیاں، تازہ یا ڈبوں میں پیک انتہائی سستے ملتے ہیں، کچن خرچہ ماہوار پاکستانی سات سے آٹھ روپے ہیں، بجلی کا، بل ماہوار سو سے دو سو روپے آتا ہیں، بجلی کا بل دس ہزار تمن سے زائد آ جائیں، دس ہزار تمن کا بل ادا کرنا ہوگا، گیس یہاں بالکل مفت میں ہیں، 11 کلو گیس پاکستانی 70 روپے میں ہیں، ایک کلو گیس پاکستانی 7 روپے میں پڑتا ہے، جو گاڑیاں ان کے اپنے استعمال میں ہیں، ان کو تیل (پٹرول) 60 لیٹر 90000 تومان فی لیٹر 1500 تومان، پندرہ سو تومان پاکستانی کرنسی میں 16 روپے ہوتے ہیں، کاروباری گاڑیوں کو مثلاً ٹیکسی، زامیاد، دو ہزار وغیرہ کو 250 لٹر 60 سات لاکھ پچاس ہزار تومان میں، فی 3000 تومان، فی لیٹر پاکستانی 18 روپے میں، ہمیں کارڈ دی جاتی ہے، اسی کارڈ مطابق ہم پٹرول پمپ میں گاڑیوں میں تیل ڈلوا سکتے ہیں، ایران کے بڑے شہروں میں 4 ہزار لٹر پٹرول 60 ہزار تمن میں ماہوار ملتا ہے، خارجی لوگوں کو پٹرول پمپ میں 20 روپے لٹر دیتے ہیں، اس لیے ان کے پاس سرکاری کارڈ نہیں، ایران میں بڑے گاڑیوں کے سوا چھوٹے گاڑیاں سو فیصد پٹرول پر چلتے ہیں، لیٹر ڈیزل سات سے آٹھ روپے پاکستانی ہے، ایرانی شہریوں کے پاس صحت کارڈ ہیں، جن کے پاس صحت کارڈ ہے، سرکاری اسپتالوں میں ان کا علاج معالجے ہو سکتا ہے، جن کے پاس ایرانی کارڈ نہیں، سرکاری اسپتالوں میں ان کا علاج نہیں ہو سکتا ہے، اس نے کہا سپاری کھانے سے ہمارے کسی عزیز کے سائنس کے نالی میں سپاری کا دانہ پھنسنے سے ہم نے اسپتال میں لے گیا، آپریشن سے ان کا سپاری کا دانہ نکالا ایک ہزار روپے پاکستانی خرچہ آیا، پاکستان میں ان کا خرچہ 30 سے 40 ہزار روپے آئیگا، خواتین کے ڈلیوری کے بارے میں بتایا، کسی بھی عورت بچے کے امید سے ہو، ان کا اسپتال میں رجسٹرڈ کرنا لازمی ہے، رجسٹرڈ سے لیکر بچے کے جنم تک عام حالت میں ان کا ڈلیوری ہو، یا آپریشن سے، علاج بالکل مفت میں ہوگا، ایک روپیہ خرچ نہیں آئیگا، بچے کے پیدائش ہوتے ہی حکومت بچے کو ان کے ماں کو اور ان کے والد کو ماہوار 45 ہزار تمن وظیفہ ادا کرتا ہے، ایران میں ایمبولینس کی سہولت بالکل فری میں ہیں، کسی عورت کا طلاق ہو جائے، حکومت ایران طلاق شدہ عورت اور ان کے معصوم بچوں کو جتنے ہیں، ہر ایک کو ماہوار تین لاکھ ایرانی تومانب وظیفہ دیتی ہے، 60 سال کسی کا عمر زیادہ ہو، ان کو کمیٹا ایک ادارہ ہے، ان کو ماہوار 60 ہزار تومان وظیفہ دی جاتی ہے، 60 سال کے بعد ان کا فوتگی ہوا، ان غیر شادی شدہ بچوں کے شادی کے موقعے ان کے جہیز کے تمام سامان، کمبل، شوکس، الماری وغیرہ کمیٹا دیتی ہے اس کو کہتے ہیں، حکومت اور حکمران، اپنے عوام کا کتنا خیال رکھتے ہیں، اپنے عوام کے ساتھ تعاون کرتے ہیں، ہمارے بھی حکمران ہیں، ہمارے بھی حکومتیں ہیں، بیزار ہیں، ہمارے ساتھ تعاون کرنے کا، اپنے عوام کو بریلیف دینے کا، ہمارا جو حال ہے، کیا کہوں سب کو پتہ ہیں، ہمارے سرکاری اسکولوں میں اساتذہ نہیں، بچوں کو کتابیں، دوسرے اشیا میسر نہیں، اسپتالوں میں ڈاکٹر، میڈیسن نہیں، قدرتی آفات میں ہمارے حکومتیں غائب، دوسرے ممالک ہماری امداد میں پہنچ جاتے ہیں، آفات زدگان کو فنڈ تک کرتے ہیں، ہمارے نمائندے ان کے دیئے ہوئے فنڈز مستحقین تک پہنچانے کے بجائے کٹوتی کرتے ہیں، خورد نوش میں اپنے غریب عوام ریلیف دینے کے بجائے روز خورد نوش اشیاء اور دوسرے ضروریات کے اشیاء میں روز ٹیکس لگاتے ہیں، سیل ٹیکس اور دوسرے ٹیکسوں کے نام عوام سے پیسے وصول کرتے ہیں، عوام کو سہولیات نہیں دیتے ہیں، زندگی کے وہ بنیادی سہولیات سے عوام محروم ہیں، اگر ایک دو سہولیات میسر ہیں، عوام کیلئے درد سر بنے ہوئے ہیں، بجلی ہے اور نہیں، پانی، تعلیم، سڑک کے سہولیات ہے، اور نہیں ہیں، اگر ہیں، نام کے حد تک، روز عوام حکمانوں کے خلاف سراپا احتجاج ہوتے ہیں۔

دنیا کی ترقی اور بڑھتی بھوک (آخری قسط)

حاجی محمد لطیف کھوکھر

رہنا چاہیے اور ہر گھر کم از کم ایک بھوکے آدمی کے کھانے کا بندوبست کر کے اپنے لیے آخرت میں سرخروئی کا سامان تیار کرے۔ تاکہ اس دنیا اللہ کہے گا کہ میرا فلاں بندہ بھوکا پیاسا تھا اگر تم اسے کھانا کھلاتے، پانی پلاتے تو مجھے اپنے پاس پاتے اور جہاں حکمرانوں سے اس ضمن میں پوچھ گچھ ہوگی وہیں ہم سب کو بھی اس کے لیے تیار کے سب سے بڑے انسانی مسئلے سے نجات ملے اور ہماری دنیا جنت کا نمونہ بن جائے۔

افسوسناک امر یہ ہے کہ ہر چار سیکنڈ بعد ایک شخص بھوک کے ہاتھوں موت کے گھاٹ اتر جاتا ہے۔ جبکہ ایک سال میں یہ تعداد 90 لاکھ تک جا پہنچتی ہے جو ملیریا، کینسر اور دیگر موذی امراض سے مرنے والوں کی تعداد سے کہیں زیادہ ہے۔ گویا آج کے اس ترقی یافتہ دور میں بھی بھوک اور افلاس دنیا کی سب سے بڑی موذی بیماری بنی ہوئی ہے۔ جس کی حالت کا اندازہ اس طرح لگایا جا سکتا ہے کہ دنیا کے 1 ارب 20 کروڑ انسان صرف ایک ڈالر پر گزارا کر رہے ہیں۔ اس کی وجہ حکمرانوں کی ناقص معاشی واقتصادی پالیسیاں ہیں۔ جس سے دولت صرف چند ہاتھوں میں سمٹ کر رہ گئی ہے اور عوام کی ایک بڑی تعداد کو غربت وافلاس کی دلدل میں دھکیل دیا گیا ہے۔

افغانستان میں قوم پرست نیشنل عوامی پارٹی کا کردار

میر افسر امان

نیشنل عوامی پارٹی کا سربراہ سرحدی گاندھی عبدالغفار خان کا بیٹا عبدالولی خان تھا۔ نیشنل عوامی پارٹی ایک قسم کی آل انڈیا کانگریس کی دم چھلہ بنی ہوئی تھی۔ پاکستان بننے کے پہلے صوبہ سرحد میں آل انڈیا کانگریس کی حکومت تھی۔ شاید اسی لیے غفار خان کو سرحدی گاندھی کہا جاتا تھا۔ غفار خان افغانستان کے شہر جلال آباد میں بیٹھ کر پشتونستان کی تحریک چلا رہا تھا۔ قوم پرست افغانستان نے پاکستان بننے پر اسے تسلیم نہیں کیا تھا۔ پاکستان اسلام کے نام سے وجود میں آیا تھا جبکہ قوم پرست صوبہ سرحد کو آزاد پشتونستان بنانے چاہتے تھے۔ ریفرینڈم میں صوبہ سرحد کے اسلام پسند ۹۹ فی صد عوام نے پاکستان کے ساتھ ملنے کے لیے رائے دی تھی۔ یعنی قوم پرستی کو ٹھکرا دیا تھا۔ پھر بھی ولی خان نے ہمیشہ قوم پرست افغانستان کے حکمرانوں سے تعلق رکھے۔ جیسے ہم پہلے بیان چکے ہیں کہ افغانستان میں روس کمیونزم پھیلانے میں کئی سالوں سے لگا ہوا تھا۔ اس نے دریائے آمو سے آگے افغانستان، پاکستان (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

مسکراہٹیں بکھیرنے والے

ممتاز ملک۔ پیرس

منور ظریف، رنگیلا، عمر شریف، معین اختر، امان اللہ، بیوبرال، مستانہ، البیلا، شوکی خان اور ان جیسے بہت سے نامور کامیڈینز۔۔۔۔۔۔ جنہوں نے غربت کی گود میں آنکھ کھولی۔ گھروں سے فاقہ مستیاں اور بدحالیاں دیکھ کر ہوش سنبھالنے والے بچپن سے گزرے۔ اکثر کو تو سکول کا منہ تک دیکھنا نصیب نہیں ہوا۔ ان میں سے ہر ایک بچہ بھوک و افلاس کی گود سے اٹھ کر نشئی تماشائی نہیں بنا چور اور لٹیرا نہیں بنا۔ اپنے وقت کو بدلنے کے لیئے انہوں نے کوئی شارٹ کٹ نہیں اپنایا۔ اپنے آنسوؤں سے قہقہے نچوڑ کر اس نے دکھی لوگوں کو مسکراہٹیں بانٹیں۔ ان کی تو پوری زندگی ایک روشن مثال ہے۔ حکومت سندھ نے عمر شریف کی تدفین انکی خواہش پر کی تو وہاں کی ایک سڑک کو بھی انکے نام سے منسوب کر دیا۔ جس پر کچھ دل جلوں کو شدید اعتراض ہوا۔

ان سب سے سوال ہے کہ ہمارے ہاں منافق معاشرے میں تو لوگ سگے ماں باپ کے مسکراہٹ چھین کر جوان ہوتے ہیں وہاں عمر شریف جیسے لوگ ہمیں پھر سے مسکرا کر زندگی میں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتے ہیں۔ اس لیئے میں حکومتی فیصلہ کی تائید کرتی ہوں۔ یہ ایک اچھا فیصلہ ہے۔

مجھ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ اپنے بچے کو بھانڈ میراثی بنانا پسند کرینگی؟ تو ان سب کو میرا یہی جواب ہے کہ ایک دہشت گرد بننے سے، سمگلر بننے سے، قاتل وزانی بننے سے، چور اور ڈکیت بننے سے کروڑ ہا بار اچھا ہے کہ انسان ایک ایسا بھانڈ میراثی ہی بن جائے۔ جو اس معیار پر فنکاری کو لیجائے، جنہوں نے اپنے آنسوؤں سے قہقہے نچوڑے اور دنیا کے غموں کو ہلکا کرنے کے لیئے انہیں اپنی فنکاری کا کندھا پیش کر دیا۔

دنیا میں ان کی زبان جاننے والے اردو، پنجابی ہندی بولنے اور سمجھنے والے ان کے اس خزانے سے ہمیشہ خوشیوں کے موتی چنتے رہینگے۔ اور اپنے غموں سے باہر نکلنے کے لیئے ان کی زندگیوں کو روشن مثال بنا کر اپنے سامنے رکھیں گے۔ آج ہی کے کیا ہر دور میں جہاں ماں باپ کی جدائی یا وفات کا یا غربت کا بہانہ بنا کر اولادیں نشے تماشے اور بدکاریوں کا شکار ہو جاتی ہے۔ جہاں جرائم کی دنیا کے بیاستاد بن کر ساری زندگی لوگوں کے لیئے بدنامی اور عذاب بن جایا کرتے ہیں۔ جہاں ان کی دہشت اور بدنامیوں سے تنگ انکے اپنے بھی انکے نام کیساتھ اپنا نام جوڑنا پسند نہیں کرتے وہاں ان ناموں کے مسکراتے چراغ ہمیشہ روشنی بکھیرتے رہیں گے۔

جگنو بنکر راستہ دکھاتے ہیں گے۔ کسی نے 4 سال کی عمر سے مزدوری کی۔ کسی ہے جوتے پالش کیئے۔ کسی نے اخبار بیچے۔ کسی نے بسوں میں میٹھی گولیاں بیچیں۔ کبھی کام نہ ملا تو راتوں کو بھوکے پیٹ میلے سپنوں کے سہارے بسر کر لیا۔ لیکن خود کو کبھی کہیں گرنے نہیں دیا۔ چوریاں نہیں کیں۔ کسی کی جیب نہیں کاٹی۔ کہیں ڈاکہ نہیں ڈالا۔ کسی امیر آدمی کی بیٹی کو بہلا پھسلا کر اسے گھر سے زیورات لانے کا کہہ کر اسے کسی کوٹھے پر نہیں بیچا۔ گھر داماد بنکر کسی کے مال مفت پر آرزوں کے مینار کھڑے نہیں کیئے۔ بلکہ محنت اور ایمانداری کے ساتھ اللہ پر توکل کیئے ہر محنت مشقت کے بعد اپنے شوق میں ہی اپنا رزق تلاش کرتے رہے اور یوں اللہ کو ان پر جب پیار آیا تو اس نے انہیں ان کی نیتوں اور محبتوں کا ثمر چھپر پھاڑ کر دیا۔

دنیا میں انہیں ان کے فن مزاح کا وہ مرتبہ عطا کیا کہ جس کا تصور کوئی بڑے سے بڑا اعلیٰ تعلیم یافتہ مزاح نگار بھی نہیں کر سکتا۔ یہ بچے جنہیں اسکول کا منہ بھی دیکھنا نصیب نہیں ہوا تھا انہیں ان کے مطالعے اور لوگوں کو انکی حرکات وسکنات کو پڑھنے اور انہیں اپنے زہن میں اتارنے کی خوبی نے اوج ثریا تک پہنچا دیا۔ اب جو بھی کوئی مزاح کے میدان میں آئے گا وہ ان سب سے ہی ان کے کام سے سیکھ کر ہی آئے تو آئے وگرنہ ان جیسا کام اب اور کسی کے بس کی بات نہیں۔ یہ کرم خاص خاص لوگوں پر ہی ہوا کرتے ہیں۔ اور ایسے لوگ صدیوں ہی میں کہیں پیدا ہوا کرتے ہیں۔ بےمثال۔ بہترین۔ نایاب اور کامیاب لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔

خوشحالی کا خواب

ایم سرور صدیقی

موسمیاتی تبدیلی اور دیگر مسائل کے باعث شعبہ زراعت زوال پذیر ہے یہی وجہ ہے یہ ملک آج بھی زرعی ان سائنسی تجربات نے ماضی کے اقدامات کا دھڑن تختہ کر کے رکھ دیا بیجنگ کی ایک جامعہ میں زرعی تحقیق سے وابستہ پاکستانی اسکالر سمیرا اصغر رائے نے زراعت کی اہمیت پر مفصل روشنی ڈالتے ہوئے یہ سمجھانے کی کوشش کے دوران چین کی مثال دیتے ہوئے یاد دلایا کہ چین آبادی کے اعتبار سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے اور یقیناً ایک ارب چالیس کروڑ باشندوں کی خوراک کی ضروریات کو پورا کرنا کسی چیلنج سے کم نہیں، مگر چین نے خود کو وقت کے ساتھ بدلا ہے۔ زراعت میں جدت لائی گئی ہے جس سے فصلوں کی پیداوار میں مسلسل بہتری آتی جا رہی ہے۔ آج چین پاکستان کے مقابلہ میں اناج میں خود کفیل ہو چکا ہے اور دنیا میں خوراک کی ضروریات کو بھی پورا کر رہا ہے جبکہ پاکستان آلو، ٹماٹر، ادرک، پیاز سمیت کئی سبزیاں امپورٹ کر کے قیمتی زرمبادلہ صرف کر رہا ہے جو ہماری معیشت کے لئے انتہائی خطرناک ہے جس کی وجہ سے امریکن ڈالر، برطانوی پونڈ اور یورپین یورو کی قیمتیں کنٹرول نہیں کی جاتیں اور راتوں رات پاکستان کے ذمہ غیر ملکی قرضوں میں ہوشربا اضافہ ہو جاتا ہے۔ چینی حکومت کے نزدیک زراعت اور دیہی علاقے کس قدر اہم ہیں اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اکیس فروری کو چینی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی نے دو ہزار اکیس کی پہلی دستاویز جاری کی ہے۔ حسب معمول پہلی دستاویز زراعت اور دیہی علاقوں کی ترقی پر مرکوز ہے۔ مذکورہ دستاویز پانچ حصوں پر مشتمل ہے، جن میں زراعت اور دیہی ترقی کے مجموعی تقاضے، دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمے کے نتائج کی تقویت اور دیہی ترقی، زرعی جدت کاری کا فروغ، دیہی بنیادی انفرا سٹرکچر کی تعمیر، دیہات، زراعت اور کسانوں سے متعلق امور میں بہتری شامل ہیں۔ دستاویز میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ دیہی تعمیر کو بھرپور اہمیت دی جائے گی، دیہی صنعت، ثقافت اور ماحولیات کو فروغ دیا جائے گا، زراعت اور دیہی علاقوں کی جدت کاری، دیہات اور شہروں کی ہم آہنگ ترقی اور دیہی علاقوں میں رہائشی ماحول کی بہتری سمیت دیگر امور پر زیادہ سرمایہ کاری کی جائیگی۔ چین کی جانب سے **2021**ء کے لئے زراعت اور دیہی علاقوں سے متعلق اہداف اور کاموں کے ساتھ ساتھ **2025**ء تک کی مدت کے لئے وسیع تر تناظر نظر اپناتے ہوئے اہم امور کا تعین کیا گیا ہے۔ چین کی واضح پالیسی ہے کہ رواں برس بھی زرخیز علاقوں میں فصلوں کی بہتر پیداوار یقینی بنائی جائے گی، اناج کی پیداوار **650** ارب کلوگرام سے تجاوز کرے گی، زرعی مصنوعات اور خوراک کے تحفظ کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ کاشتکاروں کی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے۔ ملک میں زراعت اور دیہی علاقوں کی جدت کاری کے منصوبے پر عمل درآمد جاری رہے گا، اور دیہی علاقوں میں اصلاحات کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ چین سال **2025** تک زراعت اور دیہی علاقوں کی جدت کاری میں خاطر خواہ پیشرفت کا متمنی ہے اور ایک مزید مستحکم زراعت کی بنیاد پر دیہی اور شہری باشندوں کے درمیان آمدنی میں پائے جانے والے فرق کو پر کرنا چاہتا ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ چین نے گزشتہ برس انتہائی غربت سے نجات حاصل کر لی ہے اور انسداد غربت کے کامیاب نتائج کو مزید مستحکم کرنے کے لیے آئندہ پانچ برسوں تک مستقل اقدامات کیے جائیں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ غربت کی دلدل سے باہر نکلنے والے افراد کہیں دوبارہ اس کا شکار نہ ہو جائیں۔ اس ضمن میں دیہی باشندوں کے مستقل روزگار اور ان کی آمدنی میں اضافے کے لیے ترجیحی پالیسیاں اپنائی جا رہی ہیں۔ جہاں تک زرعی جدت کاری کا تعلق ہے تو اس میں اناج اور اہم زرعی مصنوعات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ملکی صلاحیت میں مضبوطی حکومتی ترجیح ہے، اناج کی بہتر پیداوار کے لیے قابل کاشت رقبے میں اضافہ، جدید کاشتکاری نظام کی تعمیر میں تیزی، گرین اور پائیدار زراعت اور زرعی مصنوعات کی تجارت کو مزید آسان اور منافع بخش بنانے کے لئے اہم اہداف کا تعین کیا گیا ہے جس میں ای۔ کامرس کا بھرپور استعمال بھی شامل ہے۔ چین کی کوشش ہے کہ زرعی حیاتیاتی عمل میں بڑے سائنسی اور تکنیکی منصوبوں کے نفاذ کو تیز کیا جائے۔ سائنس و ٹیکنالوجی، زرعی تحقیق اور زرعی آلات میں جدت کے تحت زراعت کو جدید خطوط پر استوار رکھا جائے۔ چین آئندہ عرصے میں دیہی تعمیر و ترقی کے لئے ایک جامع ایکشن پلان کو بھرپور طریقے سے نافذ کرے گا، بہتر دیہی پبلک انفرا سٹرکچر اور بنیادی عوامی خدمات کے اہداف کا تعین کرے گا، دیہی کھپت کی مضبوطی اور کاشتیوں میں ترقی سے مربوط شہری دیہی ترقی کو آگے بڑھایا جائے گا۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ حالیہ عرصے میں پاکستان اور چین نے سی پیک کے تحت زرعی شعبے میں تعاون کا عزم ظاہر کیا ہے جس سے یہ امید کی جا سکتی ہے کہ چین کے کامیاب زرعی تجربات، ٹیکنالوجی اور مشینری کا پاکستان کے ساتھ تبادلہ کیا جا سکے گا۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے متاثر ہونے والا ایک بڑا ملک ہے اور فصلوں و اناج کی پیداوار میں بھی مسائل کا سامنا ہے۔ پاکستان اور چین دوستی کا حقیقی تقاضا بھی یہی ہے کہ ایسے مسائل سے مشترکہ طور پر نمٹتے ہوئے دوطرفہ تعاون کو عوامی فلاح و بہبود کے لئے موثر طور پر استعمال کیا جائے ایسے اقدامات کرنے کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے کہ ہم اپنی معیشت کو زرعی اور صنعتی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ٹھوس منصوبہ بندی کریں تاکہ دور حاضر کے چیلنجز کا مقابلہ جرأت اور دانشمندی سے کر سکیں اسی تناظر میں کہا جا سکتا ہے کہ زراعت سے وابستہ صنعتوں کی ترویج ہی ترقی کا زینہ ہے اس سلسلہ میں دنیا بھر میں ٹیکسٹائل انڈسٹری کے ساتھ ساتھ چاول، آم، کینو جیسی اجناس کی ایکسپورٹ کے لئے ایک مربوط لائحہ عمل پاکستان کو پوری دنیا میں سربلند کر سکتا ہے کیونکہ زراعت اور صنعتیں ترقی کریں گی تو ملک آگے بڑھے گا، ملک کی معاشی ترقی میں کاروباری اداروں کا اہم کردار ہے، کاروباری ادارے ملک کی جی ڈی پی میں نمایاں حصہ لیتے ہیں۔ وزیراعظم کے وژن کے تحت حکومت نے صنعتی انقلاب کیلئے نمایاں اقدامات کیے، سازگار کاروباری پالیسیوں کے ذریعے سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات دے رہے ہیں۔ سابقہ دور میں ڈی انڈسٹریلائزیشن ہو رہی تھی، پی ٹی آئی نے اقتدار میں آتے ہی ڈی انڈسٹریلائزیشن روکنے کیلئے اقدامات کئے تاکہ ملک میں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں اور کاروباروں کو تحفظ حاصل ہو سکے اگر حکومت نے ملک میں صنعتی سرگرمیوں کے فروغ پر بھرپور توجہ دی تو ملک میں کام کرنے والی کمپنیوں کے منافع میں ریکارڈ اضافہ ہوگا جس سے صنعتی اور زرعی شعبہ میں انقلابی اقدامات سے لوگوں کی آمدن میں اضافہ ہوگا، حکومت کا دعویٰ ہے کہ جب سے عمران خان برسر اقتدار آئے ہیں **1100** ارب روپے رورل اکانومی سے زرعی شعبہ میں منتقل ہوئے، ملک میں گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور ٹریکٹروں کی فروخت میں ریکارڈ اضافہ ہوا جو یقیناً خوش آئند ہے لیکن جب تک ترقی کے ثمرات سے عام آدمی کو فائدہ نہیں ہوگا حقیقی خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکے گا۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

زمُردہ

ماہی
خالد جان
khalidjan9061@gmail.com

گزشتہ کئی دنوں سے میں ساحل کے سائیکل اسٹینڈ پر آ جا رہا تھا کہ اس سے زمردہ کی کہانی اگلوا سکوں۔ لیکن وہ کمبخت کئی حیلے بنا کر پنڈ چھڑا لیتا۔ اور میں اگلے روز پھر اس کے سائیکل اسٹینڈ پر جا پہنچتا۔ ایک دن شاید اسے مجھ پر ترس آیا اور اس نے وعدہ کیا کہ وہ آنے والے اتوار کو مجھے پوری کہانی سنا دے گا۔ مجھے اس پر یقین نہ آیا۔ جلد اسے اس کی بیمار ماں کی قسم دی، جس سے اسے بے حد پیار تھا۔ اس نے چند ساعت سوچنے کے بعد اپنی ماں کی قسم اٹھائی اور اتوار کو کہانی سنانے کا مصمم وعدہ کیا۔ فرط مسرت میں، میں اس سے بغل گیر ہوا، اور بھاگم بھاگ گھر پہنچ گیا۔ اتوار میں ڈھائی تین روز باقی تھے اور مجھے اتوار سے پہلے پہلے اقراء اور صابر کی بتائی ہوئی کہانیاں لکھنی تھیں۔

ساحل مجھے جس کی کہانی سنانے جا رہا تھا وہ تمام کہانیوں سے منفرد ایک الگ نوع کی کہانی تھی۔ جس کے لیے میں کئی دن سے ساحل کی منت سماجت کر رہا تھا۔ یہ کہانی زمردہ نامی ایک انتہائی حسین وجمیل، زہرہ وش لڑکی کی تھی۔ اسم بامسمیٰ کی طرح وہ انمول اور حسین تھی۔ جس کی چشم پرخمار دیکھنے کا مجھے بھی ایک دو بار انمول موقع نصیب ہوا تھا۔ اس کے Fascinated سیاہ چشمیں جیسے کوئی سفاک خنجر تھامے کسی کے تاک میں ہو۔ میری نظر جب پہلی بار اس کی کجراری سیاہ آنکھوں پر پڑی تو یوں لگا جیسے کوئی بارہ بور تھامے دل پر نشانہ باندھ رہا ہو۔ امرت بھری آنکھیں اور ان میں موجود مردک بعینہ یاقوت، فیروزہ، پکھراج، گومید، مونگا،

شال بقیہ 1

ہوئے عمران خان نے کہا کہ اپنے مسلمانوں کا سنہری دور شروع ہوا تو البیرونی اور ابن بطوطہ جیسے دانشوروں کا بڑا مقام تھا اور وہ دنیا میں جہاں بھی جاتے تھے ان کی بہت قدر و منزلت کی جاتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جب کوئی تہذیب ترقی کرتی ہے تو اس کے رول ماڈل دانشور بن جاتے ہیں کیونکہ وہ قوم کی رہنمائی کرتے ہوئے ان کا قبلہ درست کرتے ہیں اور جب اسکالرز غلط راستے پر چلے جاتے ہیں تو تہذیبیں زوال پذیر ہو جاتی ہیں لہٰذا اگر دانشور درست رہنمائی کریں تو تہذیبیں زوال پذیر نہ ہوں تاہم اسکالرز بھی غلط راستے پر چلے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دانشور قوم کے نظریے کا تحفظ کرتے ہیں، علامہ اقبال کے ساری دنیا میں مسلمانوں پر جو اثرات مرتب ہوئے وہ بے مثال تھے اور آج کے پاکستان میں دانشوروں کی بہت ضرورت ہے۔ عمران خان نے کہا کہ ہمارے ہاں لوگوں کو اسلام کی تاریخ کا ہی نہیں پتہ، لوگوں کو جنگیں یاد ہیں لیکن لوگوں کو پتہ ہی نہیں ہے کہ دنیا کی تاریخ میں اتنا بڑا انقلاب جنگوں کی وجہ سے نہیں آیا، اس انقلاب کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرمؐ کے دور میں 622 سے 632 ہجری تک 10 سال کے دوران صرف 1400 لوگ جنگوں میں مرے تھے جس میں 600 مسلمان شہید ہوئے تھے اور وہ ڈیڑھ سو مربع میل پر پھیل چکے تھے تو اسلام تلوار سے نہیں آیا تھا بلکہ دراصل وہ فکری انقلاب تھا، لوگوں کے کردار بدل گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی نوجوان نسل کو اسلام کے اس فکری انقلاب کے بارے میں بتانا اب انتہائی ضروری ہے کیونکہ اب انہیں میڈیا اور سوشل میڈیا کی یلغار کا سامنا ہے، انسانی تاریخ میں بچوں اور نوجوان کے ساتھ کبھی ایسا نہ تھا، آج بچوں کو زیادہ تر معلوماتی اور مثبت مواد دستیاب ہے۔

شال بقیہ 2

نمائندگان سمیت خصوصی افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ کی دعوت پر یہ افراد وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ آئے تھے وزیراعلیٰ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ سب کی مہمان نوازی کرنا اور آپ سب سے مخاطب ہونا میرے لیے خوشی اور اعزاز کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب سے میں نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے میری اولین ترجیح رہی ہے کہ میں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں افراد باہم معذوری کو مدعو کروں اور ان کی مہمان نوازی کروں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت ہر مرحلے پر آپ سے تعاون کرے گی اور آپ لوگوں کے مخصوص کوٹے سے بڑھ کر آپ کو ملازمتوں میں حصہ دیا جائے گا جس کے لیے ایک فرم کی خدمات بھی حاصل کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آپ کے فوری نوعیت کے مسائل حل کئے جائیں گے جس کے لیے ایک ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ خصوصی افراد کے مسائل کے حل کے لیے اگر انہیں ترقیاتی فنڈز میں بھی کٹوتی کرنی پڑے تو دور یغ نہیں کریں گے۔

شال بقیہ 3

جاری ترقیاتی سرگرمیوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان، صوبائی وزراء اور اعلیٰ صوبائی حکام نے شرکت کی اس موقع پر صدر عارف علوی کو حکومتی کارکردگی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہیں بتایا گیا کہ صوبائی حکومت سابقہ فاٹا کے نئے ضم شدہ اضلاع کی ترقی اور بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے سابقہ فاٹا اضلاع کا خیبر پختونخوا میں انتظامی انضمام مکمل ہو چکا ہے ضم شدہ اضلاع کیلئے 491 ارب روپے مالیت کے 901 منصوبے منظور کئے گئے ہیں اجلاس میں ضم اضلاع میں تعلیم، صحت، سڑکوں، توانائی اور انتظامی انفرا سٹرکچر بہتر بنانے کے منصوبوں پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ صوبے میں جاری تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت کے مطابق مکمل ہو جائیں گے اس موقع پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کے پی حکومت کی تین سالہ کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کیلئے صوبوں میں کاروبار کرنے میں مزید آسانی پیدا کرنے کی ضرورت ہے معدنیات اور کان کنی کے شعبے کی ترقی سے صوبے کے لوگوں کی ترقی اور مقامی آبادی کو روزگار کی فراہمی ممکن ہو سکے گی، عارف علوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے نئے ضم شدہ اضلاع میں تنازعات کے متبادل حل کے نظام سے لوگوں کو فوری اور سستا انصاف فراہم کیا جا سکے گا تنازعات کے متبادل حل کے نظام سے سابقہ فاٹا اضلاع میں عدلیہ پر بوجھ کم کرنے میں مدد ملے گی صدر مملکت نے ضم اضلاع کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے مشاورتی سیشن کے باقاعدہ انعقاد پر صوبائی حکومت کی تعریف کی اور معیاری صحت سہولیات کی فراہمی کیلئے صحت انصاف کارڈ کی سہولت ضم اضلاع تک بڑھانے پر اطمینان کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 4

پیدا ہوتی ہے ان مسائل کو حل کرنے کے بجائے چالیس ارب کے اسپورٹس کمپلیکس، تمام اضلاع میں پی ڈی ایم اے کے دفاتر کی منظوری، کوہیہ میں ساٹھ کروڑ کی لاگت ڈرائیونگ اسکول کے قیام کی منظوری، غیر ترقیاتی بجٹ میں چار ارب کی گاڑیوں کی خریداری، بغیر منصوبہ بندی کے اربوں کی اسکیمات کو پی ایس ڈی پی شامل کرنا تو اس طرح پی ایس ڈی پی اور بجٹ کو ٹھیک کرنا ضروری ہے یہ بات انہوں نے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ٹوئٹ پر ردعمل دیتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ جب تک عوامی نمائندے اور بیوروکریسی ٹیکس کے پیسوں کو عوام کی ملکیت تسلیم نہیں کرتی تو اس وقت تک صوبے کی ترقی ممکن نہیں ہے باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت ترقیاتی منصوبے بنائے جاتے ہیں جو غربت کی شرح میں کمی اور خوشحالی کا ضامن ہو لیکن بلوچستان میں ہمیشہ اس کے برعکس کام ہوا ہے۔

شال بقیہ 5

گورنر بلوچستان نے کہا کہ کلوش وارمنگ جیسے عالمی چیلنج سے نبرد آزما ہونے، صوبے میں زراعت اور لائیو سٹاک کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور افرادی قوت کے استعداد کار بڑھانے کیلئے ہمیں عالمی اداروں کی مالی معاونت اور رہنمائی مددگار ہو سکتے ہیں۔

شال بقیہ 6

کہا کہ اپنے پارٹی منشور کے مطابق مفت علاج عوام کے گھروں تک پہنچائیں گے۔ پاکستان میں زندگی بھر گردے کا مہنگا علاج کروانا ممکن نہیں، ایس آئی یو ٹی مریضوں کو علاج کے ساتھ مکمل ماہانہ دوائیں فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو صحت کو ترجیح دیتی ہے، مفت علاج ہر پاکستانی کا حق ہے۔ گردے کے ٹرانسپلانٹ کے لیے لوگ پہلے بھارت جاتے تھے۔ فخر کی بات ہے کہ عوام اب بھارت کے بجائے ٹرانسپلانٹ کے لیے سندھ آتے ہیں۔ دریں اثنا پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہندو دھرم شالہ میں دیوالی کی تقریب میں شرکت کی اور ہندو برادری کے افراد کو مبارک باد دی۔ بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ اور پی پی سی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن جمیل سومرو بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر دھرم پال پوہنوانی، نول راکشیار، ہریش کمار، ڈاکٹر سدام چند، اجیت کمار، نانک رام بھاج، ڈاکٹر دلی رام، بے گل و دیگر نے بلاول بھٹو زرداری کا استقبال کیا۔ تقریب میں رمیش لال، گیان چند اسرانی، مکیش کمار چاولہ، ڈاکٹر لال چند اکرانی، ناصر شاہ، عاجز دھامراو، جام اکرام اللہ دھار یجو، خورشید جونیجو، سہیل سیال، اعجاز جاکھرانی، اعجاز لغاری، گھنور خان امران، شفقت سومرو، منصور شاہانی، کلپنا دیوی، ڈاکٹر سندام چند، جھنور لال، دلیپ کمار، سردار پرائش سنگھ، مول چند و دیگر بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 7

امان اللہ، احسان اللہ، صدام خان، رفیع اللہ، فرہاد خان نے اپنے ساتھیوں اور خاندانوں سمت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سے مستعفی ہو کر رکن صوبائی اسمبلی حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے یہ فیصلہ سوچ سمجھ کر اور حاجی نور محمد خان دمڑ کی تین سالہ کارکردگی سے متاثر ہو کر اور حاجی نور محمد خان دمڑ کے قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کے کاروان میں شمولیت اختیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے رکن صوبائی اسمبلی حاجی نور محمد خان دمڑ نے پارٹی میں نئے شامل ہونے والوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں نے کافی جدوجہد کر کے زیارت کے عوام کو مذہب اور قومی پرستی کے جھوٹے نعروں کے ذریعے ورغلانے والوں کے چنگل سے آزاد کرنے کیلئے اپنی سیاست کا آغاز کر کے میدان میں نکلا اور کئی سال جدوجہد کر کے عوام میں شعور اجاگر کیا ہے۔

شال بقیہ 8

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد ریلیف پیکج کے اعلان کے وقت ہی یوٹیلیٹی سٹور پر گھی اور خوردنی تیل 65 روپے لیٹر مہنگا ہونے کا اعلان ہو رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہول سیل مارکیٹ میں چینی 130 روپے کلو سے تجاوز کر چکی ہے، کوئٹہ میں 50 کلو چینی کی بوری میں 270 روپے اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دن میں چینی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے اضافہ ہوا، جھوٹے وعدے کرنے والی حکومت کی کسی بات پر قوم کو اعتماد نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں چینی کا ذخیرہ 15 روز کا رہ گیا ہے اور ٹی وی پر خطاب کا شوق پورا کیا جا رہا ہے، مہنگائی کا تاریخی ریکارڈ قائم کرنے کے بعد خطاب کی نہیں، ناکامی کے اعتراف کے ساتھ استعفیٰ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کو عالمی مسئلہ قرار دے کر عمران نیازی حکومت اپنی نااہلی، نالائقی، غلط فیصلوں اور کرپشن چھپا نہیں سکتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کیسے ہوتی ہے، نواز شریف نے دکھایا تھا، ترقی کی شرح 8.5 فیصد اور مہنگائی کی شرح 6.3 فیصد پر لائے تھے، آپ 3 سال میں 15000 ارب قرض لیں تو مہنگائی، بے روزگاری تو ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جو عوام کو ریلیف نہیں دے سکتا، وہ حکومت بھی نہیں کر سکتا، ظلم کی حکومت نہیں چل سکتی، یہ حکومت عوام کی گردن پر چھری چلا کر کہتی ہے کہ ریلیف دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو یہ سبق یاد ہو چکا ہے کہ مہنگائی بڑھتی ہے تو وزیراعظم چور ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے سبسڈی ختم کرنے کا وعدہ کرنے والی حکومت 120 ارب سبسڈی پیکج دینے کا دھوکہ دے رہی ہے، یہ پیسہ کہاں سے آئے گا؟ کیسے خرچ ہوگا؟ 1200 ارب کورونا اور کراچی پیکج کے پیسوں پر سنگین سوالات پر کوئی جواب نہیں، آئی ایم ایف سے کیا شرائط طے ہو رہی ہیں، پارلیمنٹ سے کیوں چھپایا جا رہا ہے؟۔

شال بقیہ 9

تب تک کوئی نہیں پوچھتا، وزیر میں آئی جانی چیز ہیں، چالیس سال سے وزیر ہوں اور یہ میری پندرہویں وزارت ہے عمران خان کے ساتھ کھڑا ہوں اور کھڑا رہوں گا، عمران خان پانچ سال پورے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک اسلام آباد بڑے بڑے لوگوں کا ہے اور دوسرا وہ اسلام آباد ہے جہاں غریب لوگ چلتے ہیں، اسلام آباد میں بلند و بالا عمارتیں تعمیر ہو رہی ہیں، کثیر المنزلہ عمارتوں میں آگ بجھانے کے لیے پمپ کا ہونا ضروری ہے، اگلے ہفتے آپ کو اسلام آباد دعوت دیتے ہیں، ہم آپ کو 20 گاڑیاں دیں گے، ریسکیو 1122 کیساتھ اسلام آباد کیلئے ایم او یو کرنے جا رہے ہیں، اسلام آباد میں 1122 ریسکیو سروس جلد شروع کی جائے گی، ریسکیو سروس نے عوام کی بے لوث خدمت کی ہے، 1122 نے ہنگامی صورتحال میں ہمیشہ بہترین کام کیا ہے، اصل دین انسانیت کی خدمت اور انسانوں کی جان بچانا ہے۔

شال بقیہ 10

ہے۔ اپنے بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ ایس سیلٹر کے مسائل کے حل کیلئے 3 ماہ میں 3 اہم فیصلے کئے گئے، نئے گھریلو گیس اسکیمیں پر پابندی لگائی گئی۔ وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا کہ یہ پابندی درآمدی اور مقامی گیس کی اوسط قیمت کے تعین تک لگائی گئی ہے، نئے 2 ایل این جی ٹرمینلز کیلئے تھرڈ پارٹی رسائی دی گئی، پاک روس گیس پائپ لائن منصوبے کے معاہدوں میں تیزی لائی گئی ہے۔

شال بقیہ 11

کرا دیئے، گرفتار ملزموں پر اربوں روپے کے فراڈ کے الزامات ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق جن افسران کے اکاؤنٹس منجمد کرائے گئے اوگرا کی چیئرپرسن عظمیٰ عادل خان، اوگرا کے ممبر گیس عامر نسیم، ممبر عبداللہ ملک، ڈی آئی آئل شفیع اللہ آفریدی، اے ڈی آئی آئل عمر ارباز و سمیت 12 افراد کے اکاؤنٹس منجمد کرائے گئے۔ نجی آئل کمپنیوں پر آئل کی غیر قانونی درآمد اور ذخیرہ اندوزی کا الزام ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں 5 سے 7 ارب روپے کا فراڈ سامنے آیا ہے۔ فراڈ میں ملوث مزید افراد کی گرفتاری کے لئے چھاپے جاری ہیں۔

شال بقیہ 12

مطابق گزشتہ روز اوستہ محمد ریلوے اسٹیشن کے نزدیک کام کرتے ہوئے مستری۔ شاہد علی قوم میہسر گاڈر کو اوپر کرتے ہوا 11 ہزار کی تار میں کرنٹ لگنے سے موقع پر جاں بحق ہو گئے جنہیں سیول ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر شاہد علی کی لاش کا پوسٹ مارٹم کر کے ورثا کے حوالے کر دیا گیا جوں ہی نوجوان شاہد علی میہسر کی لاش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا۔

شال بقیہ 13

کوڈیرہ بگٹی کے علاقے پھیلاوغ میں نامعلوم مسلح افراد نے موٹر سائیکل سواروں پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں لیویز اہلکار سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے جبکہ حملہ آوروں نے مقتولین کی موٹر سائیکل کو بھی آگ لگا دی واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں جبکہ سیکورٹی فورسز نے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

شال بقیہ 14

مغربی بائی پاس پر جنبل انور بس اسٹاپ پر ڈاٹو بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہو گیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15

دوست جان ولد فضل محمد اور چار کو ولد عبدالواحد و شہود میں ایک دکان کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دوست جان جاں بحق جبکہ چار زخمی ہو گئے پولیس نے لاش اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی جرم کی کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 16

ریلوے کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پسنجر ٹرینوں کے کرایوں میں 10 فیصد اور فریٹ ٹرینوں کے کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ پہلے مرحلے میں پسنجر ٹرینوں کے کرایوں میں 10 فیصد اضافہ کیا جا چکا ہے اور آج جمعہ کے روز فریٹ ٹرینوں کے کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اطلاق ہو جائے گا۔

شال بقیہ 17

امیدوار اب 10 نومبر تک اپنے کاغذات نامزدگی جمع کروا سکیں گے اور کاغذات کی جانچ پڑتال 12 سے 14 نومبر تک ہوگی۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں خیبر پختونخوا کے بلدیاتی انتخابات سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزیر اطلاعات کامران بنگش اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ الیکشن کمیشن نے کاغذات نامزدگی جمع کرنے کے لیے نیا شیڈول جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق کاغذات نامزدگی 4 نومبر سے 10 نومبر تک جمع کرائے جا سکیں گے اور کاغذات نامزدگی جمع کرانے والے امیدواروں کی فہرست 11 نومبر کو آویزاں کی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 12 سے 14 نومبر تک ہوگی جبکہ ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف 15 سے 17 نومبر تک اپیلیں دائر کی جا سکیں گی اور امیدواروں کی حتمی فہرست 20 نومبر کو جاری کی جائے گی۔ امیدوار 22 نومبر کو اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے سکیں گے اور 23 نومبر کو امیدواروں کو نشانات الاٹ کیے جائیں گے اور خیبر پختونخوا کے 17 اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کیلئے پولنگ 19 دسمبر کو ہوگی۔

شال بقیہ 18

سے تحفظ کی ویکسین لگائی گئی ہے۔ جبکہ ملک بھر میں 10 کروڑ 82 لاکھ 77 ہزار 233 افراد کی کورونا وائرس ویکسی نیشن کی جا چکی ہے۔

شال بقیہ 19

کہا کہ ہم صوبے کے وسیع تر مفاد میں سب کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتے ہیں اور یہ امر باعث مسرت و اطمینان ہے کہ حکومت اور اپوزیشن عوام کی خدمت کرنا چاہتی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام اہم صوبائی امور پر اپوزیشن کو بھی اعتماد میں لیا جائے گا ہم سب عوامی نمائندوں کا تعلق اسی سرزمین سے ہے اور ہم اپنے حلقوں کے عوام کے نمائندہ کی حیثیت سے اسمبلی میں پہنچے ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے لئے حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے حلقوں کے عوام یکساں اہمیت رکھتے ہیں اور صوبے کی ہمہ جہت اور یکساں ترقی ہمارا عزم ہے اپوزیشن کی جانب سے وزیراعلیٰ کے موقف کو سراہتے ہوئے کہا گیا کہ حکومت کے ہر اس اچھے کام کی حمایت کی جائے گی جو صوبے کے مفاد میں ہوگا۔

شال بقیہ 20

حسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وینٹر ریلیف پراجیکٹ کے ذریعے غریب طبقے کو چھت میسر آئیگی۔ سعودی سفارتخانے میں وینٹر ریلیف پراجیکٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات چودھری فواد حسین نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آزادی سے ہی سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کا آغاز ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ ہمارے سیاسی، معاشی اور تذویراتی تعلقات ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہر پاکستانی کا سعودی عرب کے ساتھ عقیدت اور احترام کا رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2005 کے زلزلہ میں بھی سعودی عرب نے پاکستان کی بھرپور امداد کی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی مالی معاونت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ سلمان ریلیف فنڈ کے ذریعے فلاحی کام قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وینٹر ریلیف پراجیکٹ کے ذریعے غریب طبقے کو چھت میسر آئیگی۔

شال بقیہ 21

بڑھ گیا ہے کوہلو کے دیہاڑی دار اور مختلف شعبوں میں یومیہ کام کرنے والے افراد کے مطابق آٹا، چینی، دالیں، سبزی، گھی سمیت دیگر اشیاء خوردونوش کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئی ہیں کوہلو میں چینی کی فی کلو 140 روپے، گھی فی کلو 300 اور کوکنگ آئل کی فی لیٹر 500 تک پہنچ گیا ہے جبکہ پھل، سبزی، دالیں، آٹا کی قیمتوں میں بھی گزشتہ دو ہفتوں کے دوران 40 سے 45 روپے تک اضافہ ہوا ہے جس سے یومیہ دیہاڑی دار طبقہ جو بمشکل سے ایک دن میں 500 سے 700 روپے کماتے ہیں گھروں میں دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل بن گیا ہے ہوشربا مہنگائی کی مشکل صورتحال کے باعث گھروں میں فاقوں کی نوبت آگئی ہے ضلع میں کئی گھرانے ایسے ہیں جہاں شہریوں کو دو وقت کی سوکھی روٹی تک میسر نہیں ہے دیگر ضروریات تو رہے ایک طرف۔ کوہلو کے شہریوں نے مزید بتایا کہ ضلع میں عوام پہلے سے معاشی مشکلات کے شکار ہیں۔

شال بقیہ 22

اسد قیصر نے کہا کہ پاکستان یورپین یونین اور اس کے ممبر ممالک کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے پاکستان اور یورپین یونین کے مابین مختلف شعبوں میں ہونے والی پیشرفت قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں میڈیا کو مکمل آزادی حاصل ہے لیکن اظہار رائے کی آڑ میں مقدس ہستیوں کی شان میں گستاخی ایک گھناؤنا فعل ہے جس کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مغرب میں اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحانات قابل تشویش ہیں جس کا سدباب ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں کسی کو بھی اجازت نہیں کہ وہ کسی کے مذہب کے خلاف بات کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ خاتم النبیین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ پاکستان یورپین یونین کے ساتھ ماحول، موسمیاتی تبدیلیوں اور پائیدار ترقی کے اہداف سمیت دیگر شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کا خواہشمند ہے۔

شال بقیہ 23

پر ردعمل دیتے ہوئے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا کہ مجھے کیوں نکالا کا راگ الاپنے والے مفرور وزیراعظم سے استعفیٰ مانگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نااہل درباریوں کو تنقید کیلئے جھوٹے پروپیگنڈے کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی کارکردگی سے خائف درباریوں کو اپنی سیاسی موت واضح نظر آ رہی ہے، چور بھی کہے چور چور، مافیاز کا رٹ لگانے والے ہی مافیاز کے سرغنہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رائیونڈ سے گلرنبی میں مافیاز کام کرتا تھا وزیراعظم کا اصل مقابلہ ہی ان کرپٹ مافیاز سے ہے۔

شال بقیہ 24

میں شامل ہوگی، جس کے اندر فری زونز بھی بہت بڑے علاقے میں تیار کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فیز ٹو کے اندر ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ چین کی ایسی صنعت جو روزگار سے جڑی ہے اس کو گوادر منتقل کریں اور فری زون کے اندر اس صنعت کو دوبارہ لگائی جائے اور پھر اس سے برآمدات کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سیکیورٹی پر پوری طرح نظر ہے اور مستقل بنیاد پر اس کی نگرانی بھی کی جاتی ہے۔ خالد منصور نے کہا کہ ایم ایل ون پر ہم اعلیٰ سطح پر بات لے کر گئے ہیں، فنانسنگ کے حوالے سے بات ہوئی ہے، چینی کمپنیاں اس کی تعمیر میں حصہ لیں گی، اس کے لیے بولی کا عمل ہوگا اور فیز ٹو کے اندر یہ بہت اہم منصوبہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تجارت کے حوالے سے یہ ایک مؤثر طریقہ کار ہوگا کہ ہماری ریلوے کا نظام جڑ جائے۔

شال بقیہ 25

چیچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر شوہاجا گئے کرلئے اور حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 26

جب بھی عوام سے خطاب کیا انہیں خبردار کیا کہ حکومت عوام کے لئے کچھ بھی کرنے سے قاصر ہے اور عوام اپنا بندوبست کر لیں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے مہنگائی، بحرانوں پر مشتمل پیکج کا اعلان کیا ہے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عوام پر مزید بوجھ پڑے گا مگر عوام نے گھبرانا نہیں ہے وزیراعظم نے عوام کو مطلع کیا کہ حکومت عوام کے لئے کچھ نہیں کر پائیگی عوام کو مہنگائی کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک کو آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھنے کے باوجود بھی بہتری نہیں آ رہی جس سے واضح ہو چکا ہے حکومت نا اہل ہے اس میں فیصلہ سازی کی قوت نہیں ہے، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم کے قوم سے خطاب کی کوئی منطق نہیں تھی جب گزشتہ تین سالوں میں کسی بھی قسم کی بہتری نہیں آئی تو حکومت ایک نام نہاد فرضی پیکج سے کیسے بہتری لا سکتی ہے تین سال میں لنگر خانے کھولنے کی بجائے اگر معیشت پر توجہ دی جاتی تو آج یہ حالات نہیں ہوتے مگر موجودہ حکومت عوام خدمت کے وژن سے عاری ہے انہوں نے کہا کہ ملک کے بحرانوں کا حل موجودہ حکومت کے خاتمے میں ہے وزیراعظم قوم سے خطاب کر کے اپنا استعفیٰ پیش کریں اور قوم پر رحم کھائیں تاکہ صاف و شفاف انتخابات کے ذریعے عوامی حکومت قائم کی جا سکے۔

شال بقیہ 27

زٹیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ علاقے میں ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی۔

شال بقیہ 28

ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات میں بلوچستان کے سیاسی صورتحال اور عوامی مسائل و دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میر چنگیز خان جمالی اور میر صادق عمرانی نے نومنتخب وزیراعلیٰ کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر پی پی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر بلال عمرانی، اصغر علی بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 29

ہوئے بھی۔ اجلاس میں خواتین ونگ کی صدر غزالہ گول، سیکرٹری اطلاعات نوشین بطرس، سینئر نائب صدر کلثوم افتخار، نائب صدر پروین مینگل، ڈپٹی جنرل سیکرٹری شرین بی بی، ایونٹ اینڈ ریکارڈ سیکرٹری عابدہ بلوچ، رابطہ سیکرٹری حور شاہوانی، صدر کوئٹہ ڈویژن محمودہ نسرین، جنرل سیکرٹری خدیجہ زہری، سیکرٹری اطلاعات ساجدہ منگلوئی، اطلاعات سیکرٹری ضلع کوئٹہ مریم راجپوت، خواتین ونگ کی رہنما اس سکینہ عبداللہ خان، آمنہ کھوسہ، کرن بلوچ و دیگر نے شرکت کی۔ صوبائی صدر، صوبائی جنرل سیکرٹری اور صوبائی سیکرٹری اطلاعات نے خواتین ونگ کے رہنماؤں و عہدیداروں سے خواتین ونگ کی تنظیم نو اور صوبے بھر میں خواتین کی فعالیت پر اہم مشاورت کی اور تجاویز لیں۔

شال بقیہ 30

صلی امیر مولوی نجیب اللہ، جنرل سیکرٹری سردار نجیب سنجرانی، حاجی منظور مینگل، حافظ حسین احمد، مولانا صالح محمد، مولانا محمد الیاس، سردار شوکت علی اچکزئی، حاجی امان اللہ مینگل، سردار حاجی امان اللہ کہدانی، حاجی محمد رفیق ساسولی، حاجی امین اللہ مینگل، میر سالار خان سنجرانی، میر رضا علی قادری، میر غلام جیلانی ساسولی، حاجی ملک عبدالسلام کشانی، ملک خیر جان شیرزئی، سردار عبدالحکیم جمالزئی و دیگر نے شرکت کی اس موقع پر مولانا عبدالغفور حیدری اور خان محمد آصف خان سنجرانی نے ملکی و علاقائی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 31

نواب علی، سجاد علی، اعجاز احمد، علی نواز اور جام کو معطل کر دیا۔ ڈی جی نے ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن شاہ نواز کو انکوائری آفیسر مقرر کرتے ہوئے معاملے سے متعلق سفارشات ایک ہفتے میں طلب کر لی۔

شال بقیہ 32

ریلیف پیکیج نئی نوٹ مار کا ذریعہ اور قرضوں میں اضافے کا باعث بنے گا۔ ریلیف کے ساتھ ساتھ پیٹرول، بجلی اور گیس کے نئے بحرانوں کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ عمران خان کی حکومت ہر محاذ پر ناکام ہو چکی ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، شمالی، جنوبی اور وسطی پنجاب میں فی یکجہتی کونسل کی تنظیم سازی کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے اور صوبائی عہدیداروں کے انتخاب کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ سنٹرل ورکنگ کمیٹی کا اجلاس نومبر 2021 میں ہوگا۔ فی یکجہتی کونسل پاکستان کے اسلامی نظریاتی کردار کا تحفظ کرے گی اور معاشی بحران پر قابو پانے کے لیے اسلامی معاشی نظام کے نفاذ کے لیے جدوجہد کرے گی۔ لیاقت بلوچ نے علمائے کرام کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں امن، استحکام غلبہ اسلام کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

شال بقیہ 33

طویل ملاقات کی ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان بلوچستان کے ترقیاتی امور، صوبے کی موجودہ حکومت سازی اور پارٹی تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 34

میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر ہوگی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ایڈہاک ڈاکٹروں کی تنخواہوں کی ادائیگی میں حائل رکاوٹوں کو فوری دور کرنے کا حکم دیا ہے اور ہدایت کی ہے کہ آئندہ ایڈہاک ڈاکٹروں کی تنخواہوں میں کس

اس احساس ریلیف پروگرام دو کروڑ لوگوں کو ہیلتھ سہولت ایک پورٹل کا آغاز کیا جائیگا، ثانیہ نشتر

31 ہزار سے کم آمدن والے 60 فیصد لوگ اس پروگرام کا حصہ ہونگے، شناختی کارڈ نمبر سے اپنے موبائل نمبر پر اندراج ہوگا

لوگوں کی تفصیل جب شائع ہوجائیگی تو کریانہ اسٹورز پر اس پروگرام میں آئیں گے، چیئرپرسن احساس پروگرام کا پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن احساس پروگرام ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ احساس ریلیف پروگرام نیا منصوبہ ہے، یہ پروگرام دو کروڑ لوگوں کیلئے ہے، 31 ہزار سے کم آمدن والے 60 فیصد لوگ اس پروگرام کا حصہ ہونگے، سہ موار سے ایک پورٹل کا آغاز کردیا جائے گا، شناختی کارڈ نمبر سے اپنے موبائل نمبر پر اندراج ہوگا، جو لوگ اس پروگرام میں آنا چاہتے ہیں وہ اپنا موبائل نمبر شناختی کارڈ پر کرلیں، لوگوں کی تفصیل جب شائع ہوجائے گی تو کریانہ اسٹورز پر اس پروگرام میں آئیں گے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرپرسن احساس پروگرام بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے حیات خان داوی کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے ہیں

بلوچستان میں نوجوانوں پر توجہ اور تعلیم و روزگار میں ان کے لیے مواقع پیدا کرنے ہوں گے، احمد فاروق بازئی

بیوروز زاہل سے اس پالیسی پر کام کرنے ہے کہ تعلیم کے مواقع بلوچستان کے ہر طالب علم کو یکساں میسر ہوں، وائس چانسلر بیلہ

کوئٹہ (این این آئی) سرکاری اداروں اور افسران کا جامعات کے ساتھ ربط معاشرتی ترقی کے لئے انتہائی ضروری ہے تحقیق اور عوامی خدمات پر جدید منصوبہ جات کے حصول کیلئے جامعات کے صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر دیر پا فوائد حاصل کئے جاسکتے ہیں ترقی کے حصول کے لئے تعلیم، تحقیق اور تدریسی اداروں میں سرمایہ کاری ضروری ہے ان شعبوں پر صرف کیے جانے والے وسائل مستقبل میں کہیں سو گنا فوائد کی ضرورت میں معاشرے کو دستیاب ہونگے بلوچستان بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

12 نومبر سے 27 نومبر تک لورالائی کی 20 یونین کونسل میں خسرہ و ریلا مہم کا آغاز ہورہا ہے، ڈپٹی کمشنر

نو ماہ سے پندرہ سال کے تقریباً تین لاکھ کے قریب بچے بچیوں کو خسرہ کے انجکشن لگائے جائیں گے، ڈاکٹر تحقیق الرحمن شاہوانی

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر خسرہ و ریلا مہم کے چیئرمین ڈاکٹر تحقیق الرحمن شاہوانی نے اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پورے ملک کی طرح ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی میں بھی 12 نومبر سے 27 نومبر تک لورالائی کی 20 یونین کونسل میں خسرہ و ریلا مہم کا آغاز ہورہا ہے جس کے لئے تمام انتظامات مکمل کرلئے ہیں نو ماہ سے پندرہ سال کے تقریباً تین لاکھ کے قریب بچے بچیوں کو خسرہ کے انجکشن لگائے جائیں گے خسرہ ایک خطرناک مرض ضرور ہے خسرہ کے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

لورالائی ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر تحقیق الرحمن شاہوانی ڈپٹی کمشنر سہیل ڈپٹی کمشنر جان محمد کاکڑ کی کارکردگی پر ترقی سنا رہے ہیں

قلات، کیس پر شرمیلا کا عدم عمل کرچکے، بلوچی کی ٹیلیفونک میں جدید ایک قیدی کی شکوی ہوگی، ڈی پی قلات کی کوتاہیوں سے ملاقات میں گفتگو

قلات (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر سلطان احمد بگٹی سے خان میر احمد یار خان پریس کلب کے صحافیوں احمد سلامی، فیض نیچاری ضیاء الرحمن مینگل، مقبول گل محمد شمبی ملاقات کررہے ہیں اس موقع پر حاجی ابراہیم بنگلزئی بھی موجود ہیں۔ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

بختیار آباد (نامہ نگار) تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی کے حوالے سے تقریب کا انعقاد، تفصیلات کے مطابق تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام چشموی مسجد میں جشن عید میلاد النبی کے حوالے سے ایک پرتقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں عاشقان رسول کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب میں عبدالرؤف چشتی، سفر خان چشتی اور منظور بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کہ کھیلوں کے میدان آباد ہونے سے صحت مند معاشرہ پیدا ہوسکتی ہیں، میر محمد اعظم ریکی

خاران (نامہ نگار) پیپلز پارٹی کے سرکردہ رہنماء میر محمد اعظم ریکی نے کہا کہ کھیلوں کے میدان آباد ہونے سے صحت مند معاشرہ پیدا ہوسکتی ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے شہید نواب اکبر بگٹی فٹبال اسٹیڈیم میں مرحوم شکراللہ بزنج فورڈ سٹرٹ فٹبال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں پنگھور بمقابلہ چمن کے بطور مہمان خصوصی شائقین سے خطاب کے دوران کیا انھیں کھلاڑیوں کے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

سیاسی جماعتوں کو محنت کشوں کی یونینوں کو تقسیم اور کمزور کیا گیا ہے، عبدالمالک

نوجوانوں کی منظم و متحرک سیاسی جماعت ہے جو قطعہ نظر رنگ و نسل تمام سیاسی و فکری نوجوانوں کو ایک منظم سیاسی پلیٹ فارم پر متحد کرنا چاہتا ہے

جمہوریت کے استحکام اور قانون کی حکمرانی میں سیاسی پارٹیوں کے ساتھ بار اور بینچ کا بنیادی کردار رہا ہے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ جمہوریت کے استحکام اور قانون کی حکمرانی میں سیاسی پارٹیوں کے ساتھ بار اور بینچ کا بنیادی کردار رہا ہے سیاسی جماعتوں اور محنت کشوں کی یونینوں کو تقسیم اور کمزور کیا گیا ہے لیکن ملک میں اس وقت وکلا تحریک زیادہ فعال و متحرک رہا ہے انھوں نے پارٹی کے وکلا ونگ پر زور دیا کہ وہ وکلا کی پارٹی کے ساتھ وابستگی پر خصوصی توجہ دیں اور بلوچستان بھر کے وکلا کو پارٹی میں شامل کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے سینئر وکلا کی پارٹی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوہلو میں بھی مہنگائی عروج پر پہنچ گئی، سایہ مہنگائی کی لہر کے باعث یومیہ مزدوری کرنے والے افراد کے گھروں میں فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے

کوہلو (این این آئی) صوبے کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کوہلو میں بھی مہنگائی عروج پر پہنچ گئی جہاں عوام دو وقت کی روٹی کے حصول میں بھی شدید مشکلات سے دوچار ہونے لگے ہیں حالیہ مہنگائی کی لہر کے باعث یومیہ مزدوری کرنے والے افراد کے گھروں میں فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے جس سے لوگوں کی بہت بڑی تعداد متاثر ہونے کا خدشہ بڑھ گیا ہے کوہلو کے دیہاڑی دار اور مختلف شعبوں میں یومیہ کام کرنے والے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ذخیرہ اندوزی کی اطلاع پر محکمہ خوراک راولپنڈی و اسلام آباد کی مختلف گودام پر چھاپہ، 148 تھیلے گندم برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر انڈسٹریل ایریا اسلام آباد نے ذخیرہ اندوزی کی اطلاع پر محکمہ خوراک راولپنڈی کے ساتھ مل کر ترنول میں گودام پر چھاپہ مارا اور 148 تھیلے گندم برآمد کرلی۔ محکمہ خوراک اسلام آباد کی طرف سے جاری بیان کے مطابق فوڈ پارٹی نے اسلام آباد کو اطلاع ملی تھی کہ ترنول میں واقع ایک دوکان میں گندم ذخیرہ کی گئی ہے جس پر اسسٹنٹ کمشنر فوڈ کی سربراہی میں محکمہ خوراک راولپنڈی اسلام آباد بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

مریم اورنگزیب نے ملک میں چینی کی قیمتوں میں اضافہ کا ذمہ دار عمران خان کو قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے ملک میں چینی کی قیمتوں میں اضافہ کا ذمہ دار عمران خان کو قرار دے دیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چینی صرف اور صرف عمران صاحب کے فیصلوں کی وجہ سے مہنگی ہورہی ہے، چینی کی قیمتوں میں اضافہ صرف عمران صاحب کے اے ٹی ایمز، کارٹلز اور مافیا کو فائدہ پہنچ رہا ہے، ڈالر کی طرح چینی کی قیمت کی پرواز کے بعد عمران صاحب استعفیٰ دیں۔ بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

رائے ونڈ، مندوبین رائے ونڈ اجتماع میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

زیادتی کے مقدمات میں متاثرہ فرد کا تنہائی میں لیا گیا بیان سزا کیلئے کافی ہے، سپریم کورٹ

عدالت عظمیٰ نے سات سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کے ملزم کی ضمانت خارج کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ زیادتی کے مقدمات میں متاثرہ فرد کا تنہائی میں لیا گیا بیان سزا کیلئے کافی ہے جبکہ عدالت عظمیٰ نے سات سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کے ملزم کی ضمانت خارج کردی۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے سات سالہ بچی کیساتھ زیادتی کے ملزم کی درخواست ضمانت کا فیصلہ تحریر کیا۔ عدالت نے بتایا کہ معاشرے میں زیادتی بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

مہنگائی سے ریلیف کیلئے 2 کروڑ خاندانوں کیلئے خصوصی پیکیج کا اعلان کیا گیا ہے، ڈاکٹر نوشین حامد

گھی، آٹا اور دال پر 30 فیصد سبسڈی دے رہے ہیں، 140 کے مستحق خاندانوں کو گھروں کی تعمیر کیلئے بلاسود قرضے دیں گے، نوٹ

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی صحت ڈاکٹر نوشین حامد نے کہا ہے کہ مہنگائی سے ریلیف کیلئے حکومت کی جانب سے 2 کروڑ خاندانوں کیلئے خصوصی پیکیج کا اعلان کیا گیا ہے۔ جمعرات کو ایک نوٹ پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی صحت ڈاکٹر نوشین حامد نے کہا کہ مہنگائی سے ریلیف کیلئے حکومت کی جانب سے 2 کروڑ خاندانوں کیلئے خصوصی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

شیرانی، عوامی نیشنل پارٹی کے جنرل سیکرٹری مابت کاکا 13 نومبر جلسہ عام کے سلسلے میں ضلع شیرانی کے اجلاس میں شریک ہیں

میڈیا غلط تشریح کررہا ہے، فرانسیسی سفیر کے معاملے سے پیچھے نہیں ہٹے ہیں، مفتی منیب الرحمن

فرانسیسی سفیر کو واپس بھیجنے کا معاملہ حکومت کی جانب سے کیا گیا تھا جس کی پاسداری نہ کرنے کی وجہ سے ایک مرتبہ پھر قتل عام ہوا

آئی جی نے مسئلے کو احسن طریقے سے حل کرنے کے خواہش مند تھے بعض وزراء طاقت کے استعمال کا مشورہ دے رہے تھے، خصوصی گفتگو

کراچی (این این آئی) معروف عالم دین اور رویت ہلال کمیٹی کے سابق چیئرمین مفتی منیب الرحمن نے حکومت اور کالعدم تنظیم تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) کے مابین معاہدے میں آرمی چیف کے رویے کو مثبت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ مسئلے کو احسن طریقے سے حل کرنے کے خواہش مند تھے تاہم ہم فرانسیسی سفیر کو بے دخل کرنے کے مطالبے سے پیچھے نہیں ہٹ رہے۔

رائے ونڈ، مندوبین رائے ونڈ اجتماع میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

زیادتی کے مقدمات میں متاثرہ فرد کا تنہائی میں لیا گیا بیان سزا کیلئے کافی ہے، سپریم کورٹ

عدالت عظمیٰ نے سات سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کے ملزم کی ضمانت خارج کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ زیادتی کے مقدمات میں متاثرہ فرد کا تنہائی میں لیا گیا بیان سزا کیلئے کافی ہے جبکہ عدالت عظمیٰ نے سات سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کے ملزم کی ضمانت خارج کردی۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے سات سالہ بچی کیساتھ زیادتی کے ملزم کی درخواست ضمانت کا فیصلہ تحریر کیا۔ عدالت نے بتایا کہ معاشرے میں زیادتی بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

مہنگائی سے ریلیف کیلئے 2 کروڑ خاندانوں کیلئے خصوصی پیکیج کا اعلان کیا گیا ہے، ڈاکٹر نوشین حامد

گھی، آٹا اور دال پر 30 فیصد سبسڈی دے رہے ہیں، 140 کے مستحق خاندانوں کو گھروں کی تعمیر کیلئے بلاسود قرضے دیں گے، نوٹ

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی صحت ڈاکٹر نوشین حامد نے کہا ہے کہ مہنگائی سے ریلیف کیلئے حکومت کی جانب سے 2 کروڑ خاندانوں کیلئے خصوصی پیکیج کا اعلان کیا گیا ہے۔ جمعرات کو ایک نوٹ پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی صحت ڈاکٹر نوشین حامد نے کہا کہ مہنگائی سے ریلیف کیلئے حکومت کی جانب سے 2 کروڑ خاندانوں کیلئے خصوصی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

شیرانی، عوامی نیشنل پارٹی کے جنرل سیکرٹری مابت کاکا 13 نومبر جلسہ عام کے سلسلے میں ضلع شیرانی کے اجلاس میں شریک ہیں

وارابندی کے ذریعے گنداخہ کے ٹیلوں تک پانی پہنچانے کی کوشش کریں گے، عبدالرزاق خان کھجک

ظریف کی سیزن میں ہم سدوے اپنے ٹھے کی پانی لینے میں ناکام رہے ہیں رنگا کے پانی کا شارٹ فال برقرار ہے، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

گنداخہ کو دانستہ طور پر تباہ کیا جارہا ہے رنج کا پانی نہیں ملا تو ہم قتل مکانی کرنے پر مجبور ہوجائیں گے، عادل حسین جمالی

گنداخہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد عبدالرزاق خان کھجک کے زیر نگرانی مارکیٹ کمیٹی اوستا محمد میں سیرابی پانی وارابندی کے حوالے سے میٹنگ منعقد کیا گیا میٹنگ میں اسسٹنٹ کمشنر اوستا محمد حافظ طارق ایکسین ایریگیشن کھیر تھر کینال ظفر علی رند سمیت محکمہ ایریگیشن کے افسران نے شرکت میٹنگ میں تقسیم آب کے حوالے سے طے پایا کہ چار دن ڈاؤن قولہ اور پانچ دن اپر قولہ کو وارابندی کرکے پانی فراہم کیا جائے گا پہلے مرحلے میں پانچ نومبر سے نور پور رنگو لیٹر کو پانی بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

نظام مصطفیٰ ﷺ کی نفاذ سے ہی دنیا میں مثالی امن قائم ہوسکتا ہے، سید اقبال شاہ

حضور اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ کی آمد سے تمام کا خاتمہ ہوا آپ ﷺ کی یوم ولادت منا کر دنیا کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں، ڈگر کا گرائی میں خطاب

منچر (نامہ نگار) جشن عید میلاد النبی کے سلسلے میں میلاد شریف پروگرام جامعہ بابری مسجد گرائی کل محمد ش میں سید اقبال شاہ سید کریم شاہ مولوی الٰہی بخش نورانی مفتی صبح اللہ مولانا حسن معدی مولانا اعتبار حسین رضوان قادری غازی خان دیگر نے کہا ہے حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام سے لیکر حضرت عیسیٰ روح اللہ تک تمام رسل اور انبیاء نے اسلام کے دعوت دینے کے ساتھ ساتھ حضور اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ کی آمد کا تذکرہ کرتے رہے انہوں نے گزشتہ روز بابری مسجد گرائی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

عمر خان جمالی نے ضلع بھر میں ترقیاتی اسکیموں کے کام تیزی سے جاری ہے، عبدالستار کھوسہ

عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور جعفرآباد کی عوام کی تکلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے شہر میں ڈی ایچ کیو ہسپتال کا کام تیزی سے جاری ہے، جمالی رہنما

ماچھی پور (نامہ نگار) ضلع صحت پور جعفرآباد کے معروف اور سماجی رہنما اور کنٹریکٹر حاجی عبدالستار کھوسہ نے کہا ہے کہ مرحوم سابق وزیراعظم حاجی ظفراللہ خان جمالی کی طرح اس کے فرزند میر عمر خان جمالی نے ضلع بھر میں ترقیاتی اسکیموں کے کام تیزی سے جاری ہے۔ صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی ایک ملنسار شخصیت کے مالک ہیں جس نے جعفرآباد میں ڈی ایچ کیو ہسپتال کا کام تیزی سے جاری ہے جس سے علاقہ کی عوام مستفید ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار صحت پور/ جعفرآباد بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

شہید رحمہ اللہ کا مشن زندہ و تابندہ رکھنا ہمارے اولین ترجیحات میں شامل ہے مرتضیٰ سرور کاکڑ

بے بی آئی قلعہ سیف اللہ کے زیر اہتمام 11 نومبر کو یاد ڈاکٹر سرفراز خان شہید رحمہ اللہ کانفرنس خوش آئند ہے مولانا خواجہ تاج محمد

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے سابق صدر مولانا خواجہ تاج محمد مرتضیٰ سرور کاکڑ نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے زیر اہتمام 11 نومبر کو یاد ڈاکٹر سرفراز خان شہید رحمہ اللہ عظیم الشان پروگرام کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے ڈاکٹر سرفراز خان شہید رحمہ اللہ کے مشن کو زندہ و تابندہ رکھنا ہمارے اولین ترجیحات میں شامل ہے موصوف وہ عظیم ہستی تھا کہ اس کے نام سے باطل پر لرزہ طاری ہوجاتا تھا شہید ڈاکٹر کا تعلق بلوچستان کے اچکزئی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

محدود وسائل میں رہتے ہوئے شہر کی خوبصورتی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، گل منیر کمبی

کچرے کے ڈھیروں کو شہر سے باہر ٹھکانے لگانے کیلئے عملہ اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈھاڈر

بولان (این این آئی) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈھاڈر گل منیر کمبی نے ڈھاڈر پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو میں کہا ہے کہ محدود وسائل میں رہتے ہوئے شہر کی خوبصورتی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں کچرے کے ڈھیروں کو شہر سے باہر ٹھکانے لگانے کیلئے عملہ اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے عوام بھی میونسپل عملے کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے گھروں گلیوں میں کچروں کو پھینکنے سے گریز کریں میونسپل سروسز کی فراہمی میں تمام وسائل کو صرف کیا جارہا ہے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں میزل روبیلا کی قومی مہم پندرہ نومبر سے لیکر ستائیس نومبر تک جاری رہے گی، شہباز اصغر زند

دور افتادہ علاقوں میں جاکر نو ماہ سے لیکر پندرہ سال تک کی عمر کے بچوں کو میزل روبیلا سے بچاؤ کی حفاظتی ویکسین کرینگے، ڈپٹی کمشنر کچھی

بولان (این این آئی) خسرہ روبیلا تدارک مہم، ڈپٹی کمشنر کچھی شہباز اصغر زند کی قیادت میں ماڈل ہائی سکول ڈھاڈر سے آگاہی واک کا انعقاد اساتذہ کرام، طلباء، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والوں کی کثیر تعداد میں شرکت میزل روبیلا ضلع کچھی میں پندرہ نومبر سے شروع ہورہی ہے بارہ روزہ مہم میں بچوں کو میزل روبیلا کے حفاظتی ٹیکہ لگائیں جائیں گے روبیلا بھی میزل کی ایک قسم ہے جس کی تدارک کیلئے مہم کا آغاز ہورہا ہے اس کے چند کیسز ملک میں رونما ہوئے ہیں آگاہی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

سندھ کابینہ کا اجلاس، گنے کی قیمت کا تعین، 1500 سبجیکٹ اسپیشلسٹ کی تقرری کی منظوری

سندھ حکومت نے کاشت کاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے قیمت 2000 روپے فی 40 کلو مقرر کی ہے

حکومت فیکٹریوں میں استعمال کیلئے گنے کی سپلائی اور قیمت خرید کو ریگولیٹ کرتی ہے، اجلاس میں بریفنگ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت جمعرات کو وزیراعلیٰ ہاؤس میں صوبائی کابینہ کے اجلاس میں گنے کی قیمت کے تعین، 1500 سبجیکٹ اسپیشلسٹ کی تقرری اور ویسٹ ٹو انرجی پالیسی کی منظوری جیسے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء، وزیراعلیٰ کے مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکرٹری ممتاز شاہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے زراعت منظور وسان نے اجلاس کو بتایا کہ حکومت فیکٹریوں میں استعمال کیلئے گنے کی سپلائی اور قیمت خرید کو ریگولیٹ کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2018-19 میں امدادی قیمت 182 روپے فی 40 کلو گرام، 2019-20 میں 192 روپے اور 2020-19 میں 202 روپے مقرر کی گئی تھی۔ مذکورہ تینوں سیزن کے دوران کرشنگ 30 نومبر کو شروع ہوئی۔

بلوچستان سیکیورٹی اداروں کی بدولت صوبے میں امن قائم ہوا ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

اس وقت صوبے میں وفاقی اور صوبائی اداروں کی چیک پوسٹوں کی تعداد 728 ہیں

صوبائی حکومت عوام کو سیکیورٹی کی فراہمی سمیت دیگر سہولیات کیلئے اقدامات کررہی ہے، مظہر نیاز رانا

کوئٹہ (ش ن) چیف سیکرٹری بلوچستان مظہر نیاز رانا کی زیر صدارت صوبے میں اہم شاہراؤں پر غیر ضروری چیک پوسٹوں کو ختم کرنے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف سیکرٹری کی ہدایت پر محکمہ داخلہ کی جانب سے شاہراؤں پر موجود مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی چیک پوسٹوں پر تیار کی گئی رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ ارشد مجید، آئی جی پولیس محمد طاہر رائے، سیکرٹری جنگلات دوشین جمالدینی، کسٹم، 12 کور، ایف سی کے نمائندے و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ اس وقت صوبے میں وفاقی اور صوبائی اداروں کی چیک پوسٹوں کی تعداد 728 ہیں اور ان میں سے 100 چیک پوسٹیں چیف سیکرٹری کی ہدایت پر پہلے بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر میر چنگیز جمالی کی زیر صدارت پیپلز پارٹی بلوچستان کی خواتین ونگ کے عہدیداروں و رہنماؤں کے اجلاس ہورہا ہے

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کی ہندو برادری کو دیوالی کے موقع پر مبارک باد

ہم سب کو مل کر پاکستان کے تابناک مستقبل کیلئے ایک دوسرے کی زندگی میں خوشیوں کے رنگ بھرنے ہونگے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے ہندو برادری کو دیوالی کے موقع پر مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم سب کو مل کر پاکستان کے تابناک مستقبل کیلئے ایک دوسرے کی زندگی میں خوشیوں کے رنگ بھرنے ہونگے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دیوالی کے موقع پر تمام ہندو کمیونٹی کو مبارک باد دیتا ہوں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دیوالی روشنی اور رنگوں کا تہوار ہے، ہم سب کو مل کر پاکستان کے تابناک مستقبل کیلئے ایک دوسرے کی زندگی میں بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

انٹرنیشنل اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن پاکستان کو 761.5 ملین کی تجارتی فنانسنگ دے گا

فنانسنگ سے شرح مبادلہ پر دباؤ کم کرنے اور غیر ملکی کرنسی کے ذخائر کو مستحکم کرنے میں بھی مدد ملے گی، عمر ایوب خان

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن پاکستان کو 761.5 ملین کی تجارتی فنانسنگ دے گا۔ انٹرنیشنل اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن اور وزارت اقتصادی امور کے درمیان تجارتی فنانسنگ کے لیے اتفاق ہوگیا، پاکستان کے لیے یہ فنانسنگ 3 سال کے لیے 4.5 بلین امریکی ڈالر کی فنانسنگ ونڈو کا حصہ ہے، انٹرنیشنل اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن کی فنانسنگ تیل اور گیس کی درآمد کے لیے استعمال کی جائے گی، پی پی ایل، پارکو اور پی ایس او یہ مراعات فنانسنگ استعمال کریں گی۔ وفاقی وزیر عمر ایوب نے بتایا کہ مضبوط معاشی بحالی بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی مہم 15 سے 27 نومبر تک جاری رہے گی، ڈاکٹر فیصل سلطان

والدین 9 ماہ سے 15 سال تک عمر کے بچوں کو مہم کے دوران خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کا ٹیکہ مفت لگوائیں، معاون خصوصی صحت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے قومی صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی مہم 15 سے 27 نومبر تک جاری رہے گی۔ ایک ویڈیو پیغام میں ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ حکومت کی طرف سے خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی مہم 15 سے 27 نومبر تک جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنے 9 ماہ سے 15 سال تک عمر کے بچوں کو اس مہم کے دوران خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کا ٹیکہ مفت لگوائیں۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کے بارے میں جاننے کے لیے قریبی بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر



گورنر بلوچستان سید ظہور آغا کی ہدایت پر قومی شناختی کارڈ کے حصول کیلئے نادرا کی جانب سے ضلع قلعہ عبداللہ تحصیل گلستان کالونی، جوسیدان کیلئے فراہم کردہ نادرا موبائل وین

بھوجانی گروپ اوتھل کے سیمینار رہنما عبداللہ بخش دودا کے بھتیجے پابو دودا کے صاحبزادے کے دعوت ولیمہ کی تقریب میں شرکت کی

اوتھل (نامہ نگار) ایم این اے لسبیلہ گوادر محمد اسلم بھوتانی کی اوتھل آمد اوتھل آمد کے موقع پر انہوں نے بھوجانی گروپ اوتھل کے سیمینار رہنما عبداللہ بخش دودا کے بھتیجے پابو دودا کے صاحبزادے کے دعوت ولیمہ کی تقریب میں شرکت کی تفصیلات کے مطابق ممبر قومی اسمبلی لسبیلہ گوادر بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان خاموش NRO ہوچکا ہے، سراج الحق

وزیراعظم کا عوام کے لیے ریلیف نہیں تکلیف پیکج ہے۔ حکومت سبسڈی ختم کرے اور بڑھائی گئی قیمتیں واپس لے

پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور پی ٹی آئی میں کوئی فرق نہیں ہے، ان تینوں میں فرق کرنے والا غیر سیاسی معصوم ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان خاموش این آر او ہوچکا ہے۔ پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور پی ٹی آئی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ ان تینوں میں فرق کرنے والا غیر سیاسی معصوم ہے۔ وزیراعظم کا عوام کے لیے ریلیف نہیں تکلیف پیکج ہے۔ حکومت سبسڈی ختم کرے اور بڑھائی گئی قیمتیں واپس لے۔ وزیراعظم کی تقریر عوام کو ایک اور لالی پاپ ہے۔ پی ٹی آئی نے تبدیلی کا نعرہ لگایا، لیکن تبدیلی کو رسوا کیا۔ نیب کے پر کاٹ دیے گئے ہیں۔ چینی، گھی، پیٹرول اور اشیائے ضروریہ مہنگی ہونے کے باعث حلال کمانے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

عوام نے وزیراعظم عمران خان کے ریلیف پیکیج کو تکلیف پیکیج قرار دیدیا

کراچی (این این آئی) اتحادی سرکار کی تباہ کاریاں جاری، مہنگائی کے عوام نے وزیراعظم عمران خان کے ریلیف پیکیج کو تکلیف پیکیج قرار دیتے ہوئے کہا ہے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

چین توقع سے کئی زیادہ تیزی سے جوہری ہتھیار تیار کررہا ہے، پینٹاگون

آزاد محققین نے حالیہ مہینوں میں مغربی چین میں نئے جوہری میزائل سائلوز کی سیٹلائٹ تصاویر جاری کردیں

واشنگٹن (این این آئی) پینٹاگون نے شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ چین اپنے جوہری ہتھیاروں کو توقع سے کئی زیادہ تیزی سے بڑھا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کیک مطابق مطابق چین کے پاس 2027 تک 700 ڈیلیوری ایبل نیوکلیئر وارہیڈز ہوسکتے ہیں اور 2030 تک یہ تعداد ایک ہزار تک پہنچ سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق جوہری ہتھیاروں کا حجم اس سے ڈھائی گنا زیادہ ہے جو پینٹاگون نے صرف ایک سال پہلے کیا تھا۔ امریکی رپورٹ میں کہا گیا کہ چین اپنے زمینی، سمندری اور ہوا پر مبنی جوہری ترسیل کے پلیٹ فارمز کی تعداد میں سرمایہ کاری اور توسیع کررہا ہے۔

میڈیا غلط تشریح کررہا ہے، فرانسیسی سفیر کے معاملے سے پیچھے نہیں ہٹے ہیں، مفتی منیب الرحمن

آئی جی نے مسئلے کو احسن طریقے سے حل کرنے کے خواہش مند تھے بعض وزراء طاقت کے استعمال کا مشورہ دے رہے تھے، خصوصی گفتگو

کراچی (این این آئی) معروف عالم دین اور رویت ہلال کمیٹی کے سابق چیئرمین مفتی منیب الرحمن نے حکومت اور کالعدم تنظیم تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) کے مابین معا